مجلہ طالبان
تحریک طالبان پاکستان

جمادی الثانی 1438/مارچ 2017/شمارہ 2



من مادبۃ اللہ

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ
عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا
وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (آل عمران: 103)

" اور سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ میں مت پڑو اور اللہ کی وہ نعمت یاد کرو جو اس نے تم پر کی ہے کہ جب تم (آپس میں ایک دوسرے کے) دشمن تھے تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے دلوں میں الفت ڈالی، تو تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گھڑے کے کنارے پر تھے تو اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس سے نجات دی، اسی طرح اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی آیات کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ"۔

مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مذکورہ دو آیتوں میں مسلمانوں کی اجتماعی قوت کو مضبوط اور ناقابلِ تسخیر بنانے کے دو اہم اصول بتلائے گئے ہیں۔

اول تقویٰ، دوسرے باہمی اتفاق واتحاد، اور تفرق واختلاف سے بچنا۔۔۔۔۔

مسلمانوں کی اجتماعی قوت کا دوسرا اصول باہمی اتفاق :

دوسری آیت (واعتصموا بحَبْلِ اللہ جَمِیعًا وَلَا تفرقُوا) میں اس کو نہایت بلیغ اور حکیمانہ انداز سے بیان فرمایا ہے، کہ سب سے پہلے وہ اصول اور گر بتلایا جو انسانوں کو باہمی مربوط اور متفق کرنے کا نسخۂ اکسیر ہے، اس کے بعد آپس میں متفق ہونے کا حکم دیا، اس کے بعد آپس کے افتراق وانتشار سے منع فرمایا۔

تشریح:

اس آیت کی یہ ہے کہ اتفاق واتحاد ایک ایسی چیز ہے جس کے محمود و مطلوب ہونے پر دنیا کے تمام انسان خواہ وہ کسی ملک اور کسی زمانے میں ہوں، کسی مذہب و مشرب سے تعلق رکھتے ہوں سب کا اتفاق ہے، اس میں دو رائے ہونے کا امکان ہی نہیں، دنیا میں شاید کوئی ایک آدمی بھی ایسا نہ نکلے جو لڑائی جھگڑے کو بذاتہٖ مفید اور بہتر جانتا ہو، اس لیے دنیا کی ہر جماعت، ہر پارٹی لوگوں کو متفق کرنے کی ہی دعوت دیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس لیے قرآنِ حکیم نے صرف اتحاد و اتفاق اور تنظیم و اجتماع کا وعظ ہی نہیں فرمایا بلکہ اس کے حاصل کرنے اور باقی رکھنے کا ایک ایسا منصفانہ اور عادلانہ اصول بھی بتلادیا جس کے ماننے سے کسی گروہ کو اختلاف نہیں ہونا چاہیے، وہ یہ ہے کہ کسی انسانی دماغ یا چند انسانوں کے بنائے ہوئے نظام و پروگرام کو دوسرے انسانوں پر تھوپ کر ان سے یہ امید رکھنا کہ وہ سب اس پر متفق ہو جائیں گے عقل و انصاف کے خلاف اور خود فریبی کے سوا کچھ نہیں، البتہ رب العالمین کا دیا ہوا نظام و پرگرام ضرور ایسی چیز ہے کہ اس پر سب انسانوں کو متفق ہونا ہی چاہیے، کوئی عقلمند انسان اس سے اصولاً انکار نہیں کر سکتا، اب اگر اختلاف کی کوئی راہ باقی رہتی ہے تو وہ صرف اس بات کے پہچاننے میں ہو سکتی ہے کہ احکم الحاکمین رب العالمین کا نظام کیا اور کونسا ہے۔۔۔۔۔۔۔اللہ کی رسی سے مراد قرآن مجید ہے، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: كتاب الله هو حبل الله الممدود من السماء الى الارض ۔یعنی کتاب اللہ، اللہ تعالیٰ کی رسی ہے جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے (ابن کثیر) زید بن ارقم کی روایت میں (حبل الله هو القرآن) کے الفاظ آئے ہیں (ابن کثیر) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حاصل یہ ہے کہ قرآن کے اس ایک جملہ میں حکیمانہ اصول بتلائے گئے ہیں، ایک یہ کہ ہر انسان پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے نظامِ حیات یعنی قرآن پر مضبوطی سے عامل ہو، دوسرے یہ کہ سب مسلمان مل کر اس پر عمل کریں، جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ مسلمان سب باہم متفق و متحد اور منظم ہو جائیں، جیسے کوئی جماعت ایک رسی کو پکڑے ہوئے ہو تو پوری جماعت جسم واحد بن جاتی ہے۔۔۔۔۔

کون جانے کون سمجھے شام کے لوگوں کا غم

کون جانے کون سمجھے شام کے لوگوں کا غم — بکھرے اعضاء مسخ لاشیں ہر طرف رنج والم

روز وشب بمباریوں کی زد میں ہیں اہلِ حلب — حبِ دنیا کی ردا کو اوڑھ کر خوابدیدہ ہم

کھلنے سے پہلے کلی خاموش ہے ملبے تلے — پھٹنے لگتا ہے جگر جب دیکھتی ہے چشمِ نَم

یہ تباہی کے مناظر ذہن ودل پر نقش ہیں — قرض ہے ہر ایک منظر میں چھپا ظلم وستم

اعتدالی پیرہن پہنے ہوئے ہیں اہلِ دیں — بربریت دیکھ کر خاموش ہیں اہلِ قلم

سربلندی کے لیے ہدہد صحابہ کی طرح — تھامنا ہوگا فنافی اللہ کا سب کو علم

کون جانے کون سمجھے شام کے لوگوں کا غم — بکھرے اعضاء مسخ لاشیں ہر طرف رنج والم

(ہدہد الہ آبادی)

فہرست مضامین

اداریہ

سن ۱۹۴۵ کو اقوام متحدہ کا ادراہ اس خوشنما نعرے کے ساتھ وجود میں آگیا کہ پوری دنیا میں جنگ اور جنگ کے اسباب ووجوہات کو ختم کیا جائے گا اور انسانی اور بشری حقوق کا تحفظ کیا جائے گا۔

اقوام متحدہ نے بھی بظاہر اپنے منشور میں لکھا کہ وہ جنگوں، قومی وملکی تعصبات اور عدم مساوات کے ساتھ عالمی سطح پر مقابلہ کرے گا اور وہ اس بات کی کوشش کرے گا کہ تمام انسان بلا استثنا عدل وانصاف اور امن وآشتی کی زندگی گذار سکیں۔

اقوام متحدہ کے بانیوں اور موسسوں نے (جو اہل یورپ تھے) اپنی اجارداری قائم کرنے کے لیے ایک اور قدم اٹھایا اور امن کونسل کے نام سے دنیا بھر کے اہم مسائل کے متعلق منصوبہ بندی کرنے کے لیے ویٹو کا حق اپنے پاس رکھا، چنانچہ اقوام متحدہ کے بننے سے لے کر ابھی تک انہوں نے صرف اپنے ہی مفادات کا تحفظ کیا ہے اور باقی اقوام کو اپنے ہر قسم کے حقوق اور خود ارادیت سے محروم رکھا ہے۔

اقوام متحدہ کو بنے ۷۱ سال ہو گئے، ہر سال ستمبر کے مہینے میں اس انجمن کی نگرانی میں تمام ممالک کے سربراہوں کا اجلاس ہوتا ہے، اس سربراہی اجلاس میں یا تو صدر مملکت یا اس کا نمائندہ حصہ لیتا ہے، لیکن اگر ہم ستر سالوں میں سے صرف پچھلے ایک سال کی کارکردگی پر نظر ڈالیں کہ اس میں اقوام متحدہ نے مسلمانوں کے لیے کیا کیا؟ تو اس سے یہ حقیقت بالکل واضح ہو جائے گی کہ اقوام متحدہ ہر گز مسلمانوں اور اسلامی ملکوں کا خیر خواہ نہیں ہے، بالفاظ دیگر یہ ادارہ مسلمانوں سے ان کے حقوق چھیننے کے لیے ہے ان کو ان کے حقوق دینے کے لیے نہیں، اور یہ حقیقت ہر عام وخاص جان چکا ہے۔

کئی سالوں سے افغانستان، پاکستان، عراق، شام، یمن، فلسطین، برما، کشمیر اور دنیا کے مختلف حصوں میں مسلمانوں کا خون بہہ رہا ہے، ان کا قتل عام کیا جارہا ہے، بمباری، ڈرون حملوں اور ہر طرح کے عام تباہی پھیلانے والے اور غیر قانونی اسلحہ کا بیہمانہ استعمال کیا جارہا ہے، اور کروڑوں مسلمان ظلم وتشدد کے سائے تلے زندگی گذارنے پر مجبور ہیں لیکن اقوام متحدہ اپنی مصروفیات سے فارغ نہیں ہے۔

آج دنیا بھر میں اگر کہیں جنگ مسلط ہے تو مسلمان پر، ظلم ہو رہا ہے تو مسلمان پر، جیلیں بھری پڑی ہیں تو مسلمانوں سے، اتحاد بن رہے ہیں تو مسلمانوں کے خلاف، جدید اسلحے کے تجربات کئے جاتے ہیں تو مسلمانوں پر، لیکن افسوس صد افسوس! کہ اس پر بھی اکتفا نہیں کیا جارہا بلکہ ان سب کچھ کے باوجود مسلمان ہی کو دہشت گرد، انتہا پسند اور ان جیسے اور طرح طرح کے طعنے دیئے جارہے ہیں۔

دہشت گردی اگر ایٹم بم گرانا ہے، دوسرے ممالک پر قبضہ کر کے ان کی اینٹ سے اینٹ بجانا ہے، دنیا بھر کے مظلوموں کے لیے ایسی جیلیں بنانا ہے جن کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی، اور ظلم کی تاریک تاریخ قائم کرنا ہو تو یہ سب کچھ تو امریکہ کر رہا ہے وہ بھی ریاستی طاقت کے زور پر، پھر تو امریکا کو سب سے بڑا دہشت گرد ہونا چاہیے تھا، لیکن اصل بات یہ نہیں، اصل بات یہ ہے کہ دہشت گرد وہ ہے جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے، دہشت گرد وہ ہے جو اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام چاہتا ہے۔

پہلے ظلم، ظلم ہوا کرتا تھا لیکن جمہوریت کا کارنامہ دیکھیں کہ اب ظلم قانون بن کر قانونی اور حلال ہو جاتا ہے اور وہی کام جو کبھی ظلم ہوا کرتا تھا اب اسے ظلم نہیں بلکہ قانون کہا جائے گا اور کسی نے مخالفت میں آواز اٹھائی تو وہ توہین عدالت کا مرتکب ہو گا جس سے بڑا دنیا میں آج کوئی جرم موجود ہی نہیں ہے، ظلم وہی ہے لیکن پہلے ظلم سمجھ کر کیا جاتا تھا اور اب قانون سمجھ کر کیا جاتا ہے، شرعی نقطہ نگاہ سے ان دو صورتوں میں فرق صرف یہ ہے کہ پہلی صورت گناہ کبیرہ جبکہ دوسری صورت کفر کی ہے، یعنی اگر کوئی پہلے سے مسلمان ہو اور ظلم کرے تو یہ گناہ ہے لیکن اگر اس کو قانونی اور حلال سمجھے تو یہ کفر ہے کیونکہ گناہ کو حلال سمجھنا کفر ہے۔

موالات یعنی کافروں کے ساتھ تعلق کے مراتب اور اقسام: شیخ گل محمد حفظہ اللہ

بعض لوگ موالات کے مراتب میں فرق نہیں کرتے اس لیے جو بھی کفار کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اس کو کافر سمجھتے ہیں اور اس کا قتل جائز بلکہ واجب سمجھتے ہیں اور اس پر کفر کا فتویٰ لگانے میں جلد بازی سے کام لیتے ہیں حالانکہ موالات کے مختلف مراتب ہیں۔ موالات (یعنی کافروں کے ساتھ تعلق رکھنا) کبھی کفر وارتداد کے درجے میں ہوتی ہے اور کبھی گناہ کبیرہ اور کبھی گناہ صغیرہ ہوتی ہے۔ اس لیے اس مسئلے کی وضاحت کے لیے ہم چند مباحث ذکر کریں گے۔

پہلی بحث،

تولی اور موالات کی تعریف: تولی اور موالات کے الفاظ عموماً محبت، دوستی، تابعداری اور مدد کرنے کے معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں۔(الموالات والمعادات فی الشریعۃ الا سلامیۃ لمحماس بن عبد اللہ صفحہ13)

دوسری بحث،

تولی اور موالات میں نسبت: تولی اور موالات میں نسبت عموم خصوص ہے موالات عام اور تولی خاص ہے۔ موالات مطلق محبت کو کہا جاتا ہے (فیروز آبادی کی القاموس المحیط ص: 401ج4 میں ہے: الموالاۃ ھی المحبۃ) اور تولی کامل اور مکمل محبت اور مدد کو کہا جاتا ہے (المحماس ص: 4ج5 میں بحوالہ المعجم الوسیط ص: 107ج2 مذکور ہے کہ:اما التولی فھو تقدیم کامل المحبۃ والنصرۃ للمتولی بحیث یکون المتولی مع المتول کاالظل مع الجسم۔)سو ہر تولی موالات ہے لیکن ہر موالات، تولی نہیں ہے۔

تیسری بحث،

تولی اور موالات کا حکم: تولی ہر صورت میں کفر ہے۔ مثلاً کوئی آدمی کافروں سے دفاع کرتا ہے یا کافروں کے ساتھ مال جان اور رائے اور مشورہ کے ذریعے مدد اور تعاون کرتا ہے(الدرر السنیۃ 1٠2□لد 7) اور موالات کبھی کفر ہوتی ہے اور کبھی نہیں۔

چوتھی بحث، موالات کی وہ صورتیں جو موجب کفر ہیں:

موالات کبھی کفر ہوتی ہے اور اس معنیٰ میں موالات تولی کے مرادف ہوتی ہے۔ ہم موالات کی وہ صورتیں ذکر کرتے ہیں جو موجب کفر ہیں۔

1۔ایک صورت ہے کفار کے ساتھ تعاون کرنا(مال،جان اور رائے اور مشورہ دینے سے) اسی طرح ان کے ساتھ موافقت کرنایاان کے کاموں پرراضی ہونا،یہ صورت کفر کی ہے(الدرر السنیۃ ص: 309ج7بحوالہ الموالات فی الشریعۃ الاسلامیۃ: ص19)

2۔دوسری صورت ایک شخص کافروں کے درمیان رہتاہے اور ان کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑتا بھی ہے تو یہ کام کفر ہے۔(الموالات للمحماس ص: 27)

3۔تیسری صورت: کبھی ایک شخص کافروں کے قانون اور نظام کی تنفیذ کرتاہے اور اس میں حرام حلال ہوتاہے،مثلاً سود،زنا،شراب وغیرہ کو حلال سمجھتاہو یا اس میں حلال،حرام ہو جیسے ایک سے زیادہ شادیاں کرنایاامر بالمعروف اور نہیں عن المنکر کو روکتاہو سو اس قسم کی موالات کفر ہے،اللہ تعالیٰ فرماتاہے:و من لم یحکم بماانز ل اللہ فآولٰئک ھم الکافرون -"اور جو اللہ کے نازل کردہ(قانون) سے فیصلہ نہ کریں تو یہی لوگ کافر ہیں" اور رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:المرأ مع من احب "بندہ اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہوگی"

چوتھی صورت: کافروں کے ساتھ مسلمانوں کے مقابلے میں مدد کرنا،ان کی تعریف کرنااور ان سے دفاع کرنا ۔(دوستی اور دشمنی ص102بحوالہ الولاؤ والبرائی الاسلام لصالح الفوزان ص9)

پانچویں بحث،موالات کی وہ صورتیں جو کفر نہیں ہیں:

یعنی وہ صورتیں جن کے ارتکاب سے بندہ کافر اور مرتد نہیں ہوجاتا بلکہ گناہ گار ہوجاتاہے۔

1۔ایک صورت یہ ہے کہ بندہ کافروں کے ساتھ رہتاہے لیکن ان کے کفر کو برا سمجھتاہے تو یہ گناہ ہے کفر نہیں ہے۔(الموالات للمحماس ص19بحوالہ الدرر السنیہ309جلد7)

2۔دوسری صورت: کہ ایک آدمی کسی دنیوی مقصد کے حصول کے لیے کافروں کے ساتھ تعلق بنائے اور اس کے دل میں کفر نہ ہو جیساکہ حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نے کافروں کو خط لکھا تھا اور ان کو رسول اللہ ﷺ کے حملے سے خبردار کیاتھا(حالانکہ یہ راز کی بات تھی) تو اس قسم کا تعلق گناہ کبیرہ ہے کفر نہیں ہے البتہ حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ گناہ سے مستثنیٰ ہیں اس لیے کہ وہ بدری صحابی ہیں دوسرے یہ کہ انہوں نے ابتدائے اسلام میں اسلام قبول کیاتھا تیسرے یہ کہ ان کی نیت صحیح تھی۔

3۔ تیسری صورت: یہ ہے کہ کافر مسلمانوں کے ملک میں آجائیں اور مسلمان ان کے لیے عمومی دعوت اور ضیافت کریں اور یہ ضیافت اسلام کی دعوت کی نیت سے نہ ہو اور نہ ہی کافروں کے ساتھ دوستی اور محبت ہو(مجموعة التوحيد ص 126)

4۔ چوتھی صورت: کہ ایک آدمی کافروں کے ساتھ تعلق رکھے یا ان کا اکرام کرے دنیوی مفاد کے لیے اور ان کے کفر کو باطل اور برا سمجھتا ہو تو یہ گناہ ہے کفر نہیں ہے۔ اور ایسا شخص قابل تعزیر ہے۔(مجموعة التوحيد ص 126)

5۔ پانچویں صورت: قرطبی اور ابن العربی کہتے ہیں: کہ ایک آدمی مسلمانوں کے حالات معلوم کر کے کافروں کو بتاتا ہو اور اس کا مقصد دنیوی مفاد ہو تو یہ کافر نہیں ہے، اس کے قتل میں اختلاف ہے کہ اس کو قتل کیا جائے گا یا نہیں اور اگر قتل کیا جائے گا تو کس بنا پر؟(احکام القرآن لابن العربی ص ٢٩٠ □لد 4 قرطبی ص 52□لد 18)

6۔ چھٹی صورت کافروں کے لیے سیاہی (روشنائی) تیار کرنا اور ان کے لیے قلم بنانا اور ان کو چاپک دینا گناہ کبیرہ ہے کفر نہیں ہے۔(دوستی اور دوشمنی ص 74 3 بحوالہ الد رر السنیہ ص ٢٠١□لد 7)

7۔ ساتویں صورت: جن علمائے کرام نے الولاء والبراء پر کتابیں لکھی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ کبھی کبھار الولاء والبراء میں غلو سے کام لیا جاتا ہے: غلو کی ایک صورت یہ ہے کہ ظاہری اعمال کی وجہ سے کسی کی تکفیر کی جائے۔ یعنی عمل بظاہر الولاء والبراء کے خلاف ہو اور اس وجہ سے کسی پر کفر کا فتویٰ لگایا جائے۔ یاد رہے! کہ کفر کا تعلق دل سے ہے اگر کوئی شخص کسی کافر کے ساتھ اس کے کفر کی وجہ سے محبت کرتا ہے یا دل سے مسلمانوں کے مقابلے میں کافروں کے ساتھ تعاون کرتا ہے تو ایسا شخص کافر ہے۔ اور اگر ایک شخص ظاہراً اور عملاً کافروں کے ساتھ تعاون کرے تو صرف اس تعاون کی بناء پر اس کو کافر کہنا صحیح نہیں ہے۔ اس لیے کہ یہ احتمال موجود ہے کہ یہ شخص دین اسلام کے ساتھ محبت رکھتا ہو لیکن ایمان کی کمزوری کی وجہ سے اپنی دنیوی ضرورت اور مصلحت کی وجہ سے کافروں کے ساتھ ظاہراً تعاون کرتا ہو۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ: حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نے جو کام کیا تھا وہ گناہ تھا لیکن کفر نہیں تھا۔(انظر الولاٴ والبراٴ بين الغلو والجفاٴ في ضوٴ الكتاب والسنة ص 25 بحوالہ شرح حديث□بريل الايمان الاوسط ص ٤٠٢ مجموع الفتاوٰی ص 522□ل 7)

اسی طرح شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ: جو لوگ تاتاریوں سے مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑتے ہیں ان کی بہت سی قسمیں ہیں، کچھ فاسق ہیں کچھ بدعتی اور کچھ زندیق ہیں (مجموع الفتاوی ص 552 جلد 28) ابن تیمیہؒ تاتاریوں کو کافر سمجھتے ہیں لیکن جو لوگ ان کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑتے ہیں ان میں فرق کرتے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ بظاہر کافروں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں ان میں سے ہر ایک کافر نہیں ہے بلکہ اس کے حالات کو دیکھا جائے گا۔ اس پر دلیل سہل بن بیضاء کی حدیث ہے جنہوں نے مکہ میں خفیہ طور پر اسلام قبول کیا تھا اور جنگ بدر میں مشرکین کے ساتھ آئے تھے اور پکڑے گئے تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ ان قیدیوں کو فدیہ لیے اور سر قلم کیے بغیر مت چھوڑنا، تو عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ سہل بن بیضاء کے علاوہ، اس لیے کہ میں نے ان سے اسلام کا ذکر سنا تھا، رسول اللہ ﷺ تھوڑی دیر کے لیے خاموش رہے پھر فرمایا: سہل بن بیضاء کے علاوہ۔(اخرجہ الامام احمد رقم ص 3632 والترمذی وحسنہ رقم 1714 والحاکم وصححہ ص 21 جلد 3)

موالات کی سزا:

جس طرح کے موالات کے مراتب میں فرق ہوتا ہے، کبھی کفر ہوتی ہے کبھی گناہ کبیرہ اور کبھی گناہ صغیرہ، اسی طرح اس کی سزا میں بھی فرق ہے۔ جو موالات کفر ہے اس کی سزا قتل ہے اور جو موالات گناہ کبیرہ ہے مثلاً مسلمانوں کے حالات کافروں کو بتانا یعنی جاسوسی کرنا تو اس کے قتل میں ائمہ کا اختلاف ہے، اور جو موالات گناہ صغیرہ ہے تو اس کی سزا قتل سے کم تعزیر ہے۔ یعنی اس میں قتل نہیں ہے۔ (مجموعۃ التوحید ص: 126 اور الموالات للمحماس: ص 390 ان مباحث میں زیادہ تر نقل الموالاۃ و المعادات فی الشریعۃ الاسلامیۃ لمحماس بن عبداللہ سے کی گئی، مزید وضاحت کے لیے اس کا مطالعہ کریں)

علمائے کرام کی آراء:

شیخ عبدالرحمٰن بن سعدیؒ فرماتے ہیں: کہ تولی میں مختلف مراتب ہیں جس طرح کہ موالات میں مختلف مراتب ہیں سو تولی کی تمام اقسام کفر نہیں ہے۔ لیکن یہ قول بلا دلیل ہے۔

شیخ محمد بن عتیق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ موالات کی تمام اقسام کفر ہیں جس طرح کہ تولی کفر ہے۔ لیکن یہ قول ضعیف ہے۔ راجح مذہب جمہور علمائے کرام کا ہے کہ تولی کفر ہے اور موالات میں مختلف مراتب ہیں، کبھی کفر کبھی گناہ کبیرہ اور کبھی گناہ صغیرہ ہوتی ہے۔

عدم موالات کی صورتیں:

تعلقات کی بعض قسمیں ایسی ہیں جو موالات اور تولی میں نہیں آتیں: یعنی اس قسم کے تعلقات گناہ نہیں ہیں۔ جیسا کہ امام ابو بکر بن قاسمؒ نے لکھا ہے کہ کافروں کے ساتھ تعلق کی بعض صورتیں موالات میں سے نہیں ہیں ،مثلاً: خرید وفروخت، کافر کے ہاں کام کرنا، اس کے ساتھ احسان کرنا، اس کا ہدیہ اور تحفہ قبول کرنا، سلام کا جواب دینا، اس کی بیمار پرسی اور عیادت کرنا، کتابی عورت کے ساتھ نکاح کرنا، ان کے علوم سے استفادہ کرنا(اعتقاد اھل السنۃ للامام ابی بکر بن قاسم الرحبی ص 51)

اس کی تفصیل یہ ہے:

1۔پہلی بات کہ کافروں کے ساتھ خرید وفرخت جائز ہے اس کی دلیل بخاری شریف کی حدیث ہے، عبد الرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک کافر بکریاں لے کر آ گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: بیعاً امھبۃً؟ بیچنے کے لیے لائے ہو یا ہبہ کرنے کے لیے، اس نے کہا: بیچنے کے لیے، فاشتری منہ شاۃً۔ تو نبی کریم ﷺ نے اس سے ایک بکری خریدی۔(بخاری کتاب البیوع باب الشراٗ والبیع مع المشرکین واھل الحرب)

ابن بطالؒ فرماتے ہیں:معاملۃ الکفار جائزۃ الا بیع ما یستعین بہ اھل الحرب علٰی المسلمین۔(فتح الباری ص 410، ج) "کافروں کے ساتھ معاملہ کرنا جائز ہے مگر ان کو اس چیز کا بیچنا جائز نہیں ہے جس سے وہ مسلمانوں کے خلاف مدد لے سکتے ہوں" دوسری دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی سے تیس وسق جو خریدے تھے اور اپنا زرہ اس کے پاس گروی رکھوایا تھا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں تجارت کے لیے دار الحرب کا سفر کرنا جائز ہے، رسول اللہ ﷺ کی حیات میں ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تجارت کے لیے شام کا سفر کیا تھا اور اس وقت شام دار الحرب تھا۔(بحوالہ الولا والبراٗ لسعید القحطانی ص 306)

2۔اجارہ یعنی کافر کے ساتھ مزدوری پر کام کرنا جائز ہے۔ اس کی دلیل بخاری شریف کی حدیث ہے خباب رضی اللہ عنہ کی روایت سے وہ فرماتے ہیں: کنت رجلاً قینا فعملت لعاص بن وائل "میں لوہار تھا تو میں نے عاص بن وائل کے لیے کام کیا"

فتح الباری میں ہے کہ علمائے کرام دارالحرب میں مشرک کے ساتھ کام کرنے کو مکروہ سمجھتے ہیں مگر ضرورت کے وقت دو شرطوں کے ساتھ جائز ہے۔ پہلی شرط یہ ہے کہ مزدوری ایسے کام میں ہو گی جو مسلمانوں کے لیے حلال ہو۔ دوسری شرط یہ ہے کہ ایسے کام میں اس کے ساتھ تعاون اور مزدوری نہیں کرے گا

جس سے مسلمانوں کو ضرر ہو(الولاٗ والبراٗ بحوالہ فتح الباری 402□لد 4) یہ احناف اور شوافع کا مذہب ہے (وانظر المغنی ص 505□لد 5) اور اس کی دلیل یہ ہے کہ علی اور کعب بن عجرہ رضی اللہ عنھما نے یہود کے ساتھ کام کیا تھا۔ اسی طرح یوسف علیہ السلام نے عزیز مصر کے ساتھ کام کیا تھا۔ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ یہی قول راجح ہے۔(قرطبی ص 215□لد 9 بحوالہ فتاوی الدین الخالص 380□لد 9)

3۔ تیسری بات کافر کے ساتھ احسان اور اچھا سلوک کرنا: یعنی حربی کافر کے علاوہ دوسرے کافروں کو ہدیہ اور تحفہ دینا اور ان کے ساتھ احسان کرنا جائز ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لاینھاکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم ولمیُخر□وکم من دیارکم ان تبروھم وتقسطوا الیھم ان اللہ یحب المقسطین ۔(ممتحنہ 8)"اللہ تعالیٰ تمھیں ان لوگوں سے نہیں روکتے جنھوں نے تمہارے ساتھ جنگ نہیں کی اور تمھیں تمہارے گھروں سے نہیں نکالا کہ تم ان کے ساتھ احسان کرو اور ان کے ساتھ انصاف کرو، بیشک اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے" اسی طرح عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے کافر بھائی کو ریشم کا جوڑا دیا تھا۔

4۔ چوتھی بات، کافر کے ساتھ صلہ رحمی کرنا: یعنی کفر کی وجہ سے صلہ رحمی کا حق ختم نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ صلہ رحمی کرنا موالات میں آتا ہے۔ اللہ تعالی مشرک ماں باپ کے بارے میں فرماتا ہے: وصاحبھما فی الدنیا معروفًا (لقمان ص 15)"یعنی مشرک والدین کے ساتھ دنیا میں اچھا سلوک اور احسان کرو" بخاری اور مسلم شریف میں آتا ہے کہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالی عنھا فرماتی ہیں کہ قریش کے ساتھ جب ہمارا معاہدہ تھا تو میری والدہ میرے پاس آئی تو نبی ﷺ نے مجھے فرمایا: صلی اُمکِ " اپنی ماں کے ساتھ صلہ رحمی کرو"

5۔ پانچویں بات، کافروں سے تحفے تحائف وصول کرنا بھی موالات میں نہیں آتا: یعنی کافر سے ہدیہ او رتحفہ قبول کیا جا سکتا ہے۔ بخاری شریف میں باب ہے "باب قبول الھدیۃ من المشرکین" یہ باب مشرکین سے ہدیہ قبول کرنے کے بارے میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو ایلہ مقام کے بادشاہ نے سفید خچر تحفے میں دیا تھا اور دومۃ الجندل مقام کے اکیدر نے ان کو ریشم کا چوغہ دیا تھا۔ اور مقوقس بادشاہ نے آپ ﷺ کو ماریہ رضی اللہ عنھا بھیجی تھی۔ البتہ اس مسئلے میں تفصیل اور شرائط ہیں۔

6۔ چھٹی بات کافر کے سلام کا جواب دینا بھی موالات میں نہیں آتا بلکہ جمہور علماء کے نزدیک اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے بایں الفاظ "وعلیکم"

اس مسئلے کی تفصیل یہ ہے کہ ایک ہے سلام کرنا یعنی ابتداء بالسلام دوسرا ہے سلام کا جواب دینا۔ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ مسلمان کافر پر ابتداءً سلام نہیں کرے گا یعنی سلام میں پہل جائز نہیں ہے اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: لا تبتدؤوا الیھود و لا النصارٰی با السلام۔" یہود اور عیسائیوں پر سلام میں پہل مت کرو" اور ابن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ کافر کو سلام کرنا جائز ہے اس لیے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کو سلام کیا ہے (سلام علیک) جمہور علماء اس میں ایک توجیہ یہ کرتے ہیں کہ یہاں سلام سے مراد "سلام المتارکۃ" یعنی بائکاٹ کا سلام ہے۔ اس کے علاوہ اور توجیہات بھی ہیں۔

نخعیؒ فرماتے ہیں کہ جس آدمی کا کسی یہودی کے ساتھ کوئی کام ہو تو وہ اس کو سلام کر سکتا ہے۔ مثلاً اس نے اس کے ساتھ وعدہ کیا ہو یا اس کا ہمسفر ہو یا اس کا پڑوسی ہو۔ اس سے ان دو حدیثوں میں تطبیق بھی ہو جاتی ہے جن میں سے ایک میں آیا ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہود و نصاریٰ کو سلام مت کرو۔ دوسری حدیث میں آتا ہے اسامہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت سے کہ رسول اللہ ﷺ ایک مجلس میں تشریف لائے جس میں مسلمان، یہود، مشرکین اور عبد اللہ بن ابی بن سلول بیٹھے ہوئے تھے تو آپ ﷺ نے ان کو سلام کیا۔ طبریؒ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث عام ہے، یعنی عام اوقات میں ان کو سلام مت کرو اور اسامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث خاص ہے (یعنی ضرورت کے وقت سلام کیا جا سکتا ہے)

اوزاعیؒ فرتے ہیں: ان سلمت فقد سلم الصالحون قبلک وان ترکت فقد ترک الصالحون قبلک۔(قرطبی ص 111لد 11 ص 112لد11)" اگر تم کافر کو سلام کرتے ہو تو تم سے پہلے نیک اور صالح لوگوں نے ان کو سلام کیا ہے اور اگر تم نہیں کرتے تو تم سے پہلے نیک لوگوں نے بھی نہیں کیا"

دوسرا ہے سلام کا جواب دینا، تو اس پر اتفاق ہے کہ اس کے سلام کا جواب دینا جائز ہے البتہ وجوب میں اختلاف ہے۔ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ اس کے سلام کا جواب دینا واجب ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں ہے، جس طرح کہ بدعتیوں کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔ لیکن راجح مذہب جمہور کا ہے، اس لیے کہ ہمیں بدعتیوں سے دور رہنے اور ان کو چھوڑنے کا حکم ہوا ہے انہیں سزا دینے کے لیے اور ان کی شر سے خود کو بچانے کے لیے۔ اور ذمیوں میں ایسا نہیں ہے۔(الولاٗ والبراٗ للقحطانی ص 311بحوالہ زاد المعاد 425لد 2)

7۔ ساتویں بات کافر کی بیمار پرسی کرنا بھی موالات میں نہیں آتا، یعنی کافر کی بیمار پرسی جائز ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب کی بیمار پرسی کی تھی۔ اسی طرح آپ ﷺ نے ایک یہودی بچے کی بیمار پرسی کی تھی۔ نبی ﷺ نے اپنے چچا کو دعوت اسلام دی مگر وہ اسلام نہیں لایا اور اس یہودی بچے نے اسلام قبول کیا۔

8۔ آٹھویں بات کافر کو دم کرنا اور اس کا علاج کرنا بھی موالات میں نہیں آتا، جیسا کہ بخاری اور مسلم شریف کی حدیث میں آتا ہے کہ کافروں کے ایک سربراہ کو بچھونے کاٹا اور صحابہ کرام نے اس کو سورہ فاتحہ سے دم کیا۔

9۔ نویں بات کافر کے لیے صحت کی دعا کرنا بھی موالات میں نہیں آتا، یعنی ایک کافر بیمار ہو اور کوئی مسلمان اس کے لیے مصلحت کے تحت صحت کی دعاء کرے، مثلاً یہ کہ وہ ایمان لائے یا اس کا دل نرم ہو جائے تو یہ جائز ہے، اس لیے کہ صحت کی دعا بھی دم کی جنس سے ہے یعنی دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ (المفصل فی شرح آیۃ الولاء والبراء لعلی بن نایف ص 328)

10۔ دسویں بات کافر کے لیے ہدایت کی دعا کرنا بھی موالات میں نہیں آتا، البتہ اس کے لیے مغفرت کی دعا کرنا جائز نہیں ہے، اسی طرح اس کی نمازِ جنازہ پڑھنا بھی جائز نہیں ہے اور یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہے۔

11۔ گیارھویں بات کافر کی قبر کی زیارت کرنا بھی موالات میں نہیں آتا، یعنی کافر کی قبر پر عبرت حاصل کرنے کے لیے جانا جائز ہے لیکن اس پر سلام کرنا اور اس کے لیے مغفرت کی دعا مانگنا جائز نہیں ہے، جیسا کہ مسلم شریف کی حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: استأ ذنتُ ربی ان استغفر لأمی فلم یؤذن لی واستأذنتُہُ ان ازور قبرھا فاذِن لی - " میں نے اپنے رب سے اس بات کی اجازت مانگی کہ میں اپنی والدہ کے لیے مغفرت کی دعا مانگوں تو اس نے مجھے اجازت نہیں دی اور میں نے اپنے رب سے اس کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت مانگی تو اس نے مجھے اجازت دے دی"

12۔ بارھویں بات کافر کے ساتھ طبعی اور فطری محبت بھی موالات میں نہیں آتی: یہ بات ذرا تفصیل طلب ہے اس لیے اس کی تھوڑی سی تفصیل پیش خدمت ہے۔

تفصیل: کسی کافر کے ساتھ دلی محبت کی تین قسمیں ہیں: ایک وہ قسم ہے کہ جس سے ایمان ختم ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی کافر کے ساتھ اس کے کفر کی وجہ سے محبت کرنا۔

دوسری قسم وہ ہے جس سے ایمان کمزور ہوجاتا ہے۔مثلاً کسی کافر کے ساتھ گناہ کی وجہ سے محبت کرنا اور یہ محبت گناہ کے بقدر گناہ ہوگی، اگر یہ محبت گناہ کبیرہ کی وجہ سے ہے تو گناہ کبیرہ ہوگی اور اگر گناہ صغیرہ کی وجہ سے ہے تو گناہ صغیرہ ہوگی۔ اس سے کوئی کافر نہیں ہوجاتا اس لیے کہ ہر زمانے میں مسلمانوں میں ایسے لوگ ہوتے ہیں جو کسی نہ کسی گناہ سے محبت کرتے ہیں لیکن اہل سنت وجماعت میں سے کسی نے بھی ان پر کفر کا فتویٰ نہیں لگایا۔

تیسری قسم وہ محبت ہے جس سے نہ تو ایمان ختم ہوجاتا ہے اور نہ ہی اس میں کمی آجاتی ہے۔یعنی نہ تو اس سے انسان کافر ہوجاتا ہے اور نہ ہی گناہ گار ہوجاتا ہے اور وہ طبعی محبت ہے اس لیے کہ طبعی محبت مباح اور جائز ہے۔مثلاً باپ اپنے کافر بیٹے سے محبت کرتا ہے یا بیٹا اپنے کافر والدین سے محبت کرتا ہے یا کوئی شخص اس کافر سے محبت کرتا ہے جس نے اس کے ساتھ کوئی احسان کا معاملہ کیا ہو۔یا اس کے ساتھ تعاون کرتا ہے، جیسا کہ اللہ نے رسول ﷺ کو فرماتے ہیں:انک لاتهدی من احببت۔اس آیت سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنے چچا سے محبت تھی۔لیکن فطری محبت میں یہ ضروری ہے کہ اس کے کفر اور گناہ کو برا سمجھتا ہو،اس لیے کہ اس کے کفر اور گناہ کو برا نہ سمجھنا پہلی دو قسموں میں آتا ہے(الولاء والبراء لحاتم بن عارف ص 22)۔

13۔تیرھویں بات کتابیہ عورت سے نکاح کرنا بھی موالات میں نہیں آتا۔جیسا کہ سورہ مائدہ آیت نمبر 5 میں اللہ تعالی فرماتا ہے:والمحصنات من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم ۔امام ابوحنیفہؒ نے محصنات کے معنی پاکدامن سے کیے ہیں آزاد عورت ہو یا باندی، حربیہ ہو یا ذمیہ۔اور امام شافعیؒ معنی کرتے ہیں آزاد عورت، تو کتابیہ باندی سے نکاح جائز ہے۔(احسن الکلام للشیخ عبد السلام سورۃ مائدہ 5)

14۔چودھویں بات کافروں کے علوم سے استفادہ کرنا بھی موالات میں نہیں آتا۔مثلاً طب، صنعت وغیرہ، ان سے فائدہ اٹھانا جائز ہے۔بخاری شریف کتاب الاجارہ میں حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عبد اللہ بن اریقط کو رہبری کی اجرت دی تھی۔

ابن قیمؒ فرماتے ہیں کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ کافر سے طب، علاج معالجہ اور حساب وغیرہ میں رجوع کرنا جائز ہے۔کسی کے کافر ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کسی بھی کام میں اس پر اعتماد نہ کیا جائے اس لیے کہ راستہ دکھانے سے خطرناک کوئی اور کام نہیں ہو سکتا، بالخصوص ہجرت کے موقع پر (الولاء والبراء للقحطانی ص313 بحوالہ بدائع الفوائد ص 208 ج3)

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے یہود سے استفادہ کیا تھا۔ آپ ﷺ نے خیبر کی زمین یہود کو زراعت کے لیے دی تھی کہ تم اس میں کام کرو اور اس کی آدھی پیداوار تمہاری ہوگی (بخاری کتاب المذارعۃ ص 2331) البتہ کسی کافر کو قیادت نہیں سونپی جا سکتی، اسے راز دار نہیں بنایا جا سکتا، اسے آفس میں نوکری نہیں دی جا سکتی۔ مسند احمد میں صحیح سند کے ساتھ روایت ہے ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ:ان لی کاتبًا نصرانیًا ۔ "میرا ایک نصرانی منشی ہے" تو عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: مالک قاتلک اللہ۔ تجھے کیا ہوا؟ اللہ تجھے ہلاک کرے! اللہ تعالی فرماتا ہے: لا تتخذو الیھود والنصارٰی اولیاً مائدہ ایت 51 " یہود اور نصاری کو دوست مت بناؤ" میں نے کہا: میرے لیے اس کی کتابت ہے اور دین اس کا اپنا معاملہ ہے۔ انہوں نے فرمایا:لا اکرمھم اذا اھانھم اللہ ولا اعزھم اذا اذلھم اللہ ولا ادنیھم اذا اقصاھم اللہ " جب اللہ نے ان کو ذلیل کیا ہے تو میں ان کا احترام نہیں کروں گا اور نہ ہی میں ان کی عزت کروں گے" اور نہ ہی میں ان کو قریب کروں گا جبکہ اللہ نے انہیں دور کیا ہے۔ بہر حال انفرادی اور شخصی طور پر ان سے خدمت لی جا سکتی ہے لیکن ایسی خدمت ان سے نہیں لی جا سکتی ہے جس میں وہ مسلمانوں کی قیادت کریں اس لیے کہ شریعت کی بنیاد اس بات پر ہے کہ اللہ کلمہ سربلند اور کفر کا کلمہ سرنگوں ہوگا۔

اظہارِ عداوت اور وجود عداوت میں فرق :

اسی طرح اظہارِ عداوت اور وجودِ عداوت میں فرق ہے۔ اگر ایک بندہ خوف یا کمزوری کی وجہ سے اظہارِ عداوت نہ کرے تو وہ معذور ہے، (یعنی کافروں کے ساتھ اپنی دشمنی ظاہر نہ کرے تو وہ معذور ہے) تو اظہارِ عداوت ہر وقت ضروری نہیں ہے اور وجودِ عداوت ہر وقت ضروری ہے۔(یعنی کافروں کے ساتھ دل میں دشمنی رکھنا ہر وقت ضروری ہے) اس لیے کہ وجود عداوت کفر بالطاغوت میں داخل ہے اور کفر بالطاغوت اور حب خدا اور حب رسول ﷺ میں تلازم کلی ہے یعنی ایک دوسرے کے ساتھ لازم وملزوم ہیں اور یہ مؤمن سے الگ نہیں ہو سکتے۔(دوستی اور دشمنی ص: 313 بحوالہ الرسائل المفیدہ للشیخ عبد اللطیف ص284)

حاصل وخلاصہ یہ ہوا کہ ایک آدمی ایسی جگہ رہ رہا ہو جہاں کافروں کا زور ہو اور وہ کمزور ہو اور ان سے ڈر کی وجہ سے ان سے دشمنی کا اظہار نہ کرے تو یہ معذور ہے لیکن دل میں دشمنی رکھنا ضروری ہے۔

اسی طرح حافظ بن کثیرؒ سورۃ آل عمران کی ایت نمبر اٹھائیس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: (الا ان تتقوا منھم تقاۃً) اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی آدمی کسی زمان یا مکان میں کافروں کی شر سے ڈرتا ہو تو اس کے لیے

جائزہے کہ بظاہر اور وقتی طور پر ان کی شر سے بچنے کی خاطر ان کے ساتھ ظاہری تعلق رکھے لیکن یہ تعلق دل سے نہ ہو۔جیسا کہ ابو درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:انا لنکشر فی و□وہ اقوامٍ وقلوبنا تلعنھم ۔(بخاری کتاب الادب باب المداراۃ مع الناس) " بعض (ظالم اور فاسق) لوگوں کے سامنے ہم ہنستے ہیں حالانکہ ہمارے دِل ان پر لعنت بھیج رہے ہوتے ہیں اور وہ سلف سے نقل کرتے ہیں کہ تقیہ زبان سے ہوتا ہے عمل سے نہین ہوتا"۔(ابن کثیر:ص358ج1)

مدارات اور مداہنت:

اسی طرح مدارات اور مداہنت میں فرق ہے۔مدارات جائز بلکہ کبھی کبھار مستحب ہوتی ہے جبکہ مداہنت حرام اور ناجائز ہے۔دونوں میں فرق ذکر کرتے ہوئے امام قرطبی اور قاضیؒ فرماتے ہیں: ان المدارات بذل الدنیا لصلاح الدنیا او الدین او ھما معًا ۔" (مدارات دنیا کا استعمال دنیوی مفاد کے لیے یا دین کے فائدے کے لیے یا دونوں کے فائدے کے لیے" اور مداہنت: ترک الدین لصلاح الدنیا" دنیوی مفاد کے لیے دین چھوڑنا" عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے ملنے کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بڑا نکما اور برا آدمی ہے،جب اندر آیا تو آپ ﷺ نے اس سے نرمی کے ساتھ گفتگو فرمائی۔اس کو مدارات کہا جاتا ہے نبی ﷺ نے اس شخص کے ساتھ اچھے اخلاق اور نرم مزاجی کا مظاہرہ کیا(فتح الباری ص ۴۰4□لد ۱۰)

ابن بطالؒ فرماتے ہیں: کہ مدارات مسلمان کی صفت اور خوبی ہے اور مدارات کی تعریف ہے: الرفق باالجاھل فی التعلیم وباالفاسق فی النھی عن فعلہ وترک الاغلاظ علیہ " جاہل کے ساتھ تعلیم میں نرمی کرنا اور فاسق کو فسق سے منع کرنے میں نرمی کرنا اور سختی نہ کرنا" اور مداہنت کی تعریف ہے: معاشرۃ الفاسق واظھار الرضا بماھو فیہ من غیر انکارٍ علیہ ۔(فتح الباری ص 528□لد ۱۰)" فاسق کے ساتھ رہنا اور اس کے فسق پر رضا کا اظہار کرنا اور اس کا رد نہ کرنا"

(آرڈر از آرڈر)۔۔۔سوار محمد افتخار۔۔آرمڈ کور۔۔۔52 کیولری نوشہرہ کینٹ

یہ 2 اگست 2016 کا دن تھا، میں سویرے سویرے جاگا، شیو کیا، نہایا اور بوٹ پالش کر کے کپڑے تبدیل کئے اور دوسرے دوستوں اور ساتھیوں کے ساتھ گراؤنڈ پہنچا اور لائن میں کھڑا ہو گیا، پاک فوج مجھے دل و جاں سے پیاری ہے لیکن اس دن کچھ عجیب ہوا، دفعدار یعنی حوالدار میجر کا آرڈر ملا جمعے کی نماز پڑھنے کی تیاری کرو اور پھر ہدایات دینا شروع ہو گئے میں حیران تھا کہ آج تو جمعہ نہیں ہے، اپنی گھڑی چیک کی، اکثر ساتھی بھی بہت حیران تھے، کہ کیا ہونے والا ہے۔ بہر حال فوج ہے اور کسی معاملے میں نو سر کہنے کی جرأت کون کر سکتا ہے، کیونکہ سزا موت ہے اور معاف بھی کریں تو 14 سال کوارٹر گارڈ یعنی قید، اس دن ہمیں مسجد جانے، اور وہاں بیٹھنے سے لیکر نماز پڑھ کر واپس نکلنے تک کے آداب اور طریقے سکھائے گئے اور سخت وارننگ دی گئی کہ تھوڑا ادھر ادھر کیا تو۔۔۔۔۔۔

پھر اس کا مطلب فوجی بھائی جانتے ہیں، کہ کیا کچھ سہنا پڑتا ہے۔

مولوی صاحب بھی یہی کوئی 10 بجے تک مسجد پہنچ گئے اور تقریر شروع کی پھر ہم سب بھی ایک ایک کر کے جمع ہو گئے، دوران تقریر یا خطبہ ایک انسٹرکٹر مولوی صاحب کے بیان کو کاٹ کر مزید ہدایات دیا کرتے کہ اب آپ نے اسطرح بیٹھنا ہے اور یہ کرنا ہے اور یہ پڑھنا ہے وغیرہ، جو بھی ہو میں نے زندگی بھر میں نہ تو مسجد کے اتنے آداب دیکھے اور نہ سنے جو منگل کے روز 10 بجے جمعے کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھے اور سنے۔

میرے ایک قریبی دوست کیپٹن جمشید صاحب نے مجھے بتایا اگر اللہ کے حضور واقعی ہم اتنی عاجزی دکھائیں تو ہم سیدھے جنت جانے والے بن جائیں گے۔

نماز تو تقریباً ساڑھے دس بجے پڑھ لی پھر کیا تھا ہم اپنے اپنے ٹینکوں کے پاس پہنچے صفائی وغیرہ چیک ہوئی، پھر دربار لگا اچھے کھانے کھائے، مطلب وہ بہت ہی خوبصورت منگل جمعہ تھا اور پھر بدھ اور جمعرات کو بھی یہی ہوتا رہا لیکن ان تین دنوں میں میں نے اور میرے دوستوں نے فجر اور ظہر کی نمازیں نہیں پڑیں کیونکہ یہ وقت تیاری میں گزر جاتا تھا۔ اور آخر کار جمعہ کے دن ہمیں معلوم ہوا کہ آخر کیوں ہم روزانہ 10 بجے جمعے کی نماز پڑھ لیتے تھے، وہ دراصل ایک بریگیڈ میجر کی آمد متوقع تھی اور جمعہ کے دن نماز کے وقت اس نے آنا تھا۔

ہماری حیرانگی اپنی انتہا کو پہنچ گئی جب صاحب جی آئے بھی اور گئے بھی دن بھی جمعے کا تھا لیکن اس نے مسجد کا رخ نہ کیا

آج کے بعد میں ایک عام مسلمان اور پاکستانی ہوں چھاؤنی سے بھاگ رہا ہوں میرا ضمیر جاگ گیا ہے، کیونکہ تنخواہ کی خاطر تین دن مسلسل جمعے کی نماز ہزاروں آداب کے ساتھ دن دس بجے کو پڑھتا رہا،

اور اپنے اصل رب کے حکم کی تعمیل نہ کرسکا، اب شرم آتی ہے آج کے بعد میں اللہ کا بندہ بنوں گا۔

فوج سے اسلئے توبہ کرتا ہوں کہ یہاں صرف افسر شاہی ہے، ہم شودر ہیں اور افسران برہمن ہیں، اسلام سے اس فوج کا کوئی تعلق نہیں بس آرڈر ہی سب کچھ ہے چاہے جیسا بھی ہو، اگر ایک طرف اللہ کا حکم ہو اور دوسری طرف افسر کا تو آپ کو افسر کا آرڈر ماننا پڑے گا کیونکہ تنخواہ جو دیتے ہیں، آج کے بعد میری توبہ۔۔۔۔

جہاد کی ضرورت اور حکمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں تشریف لائے، ان کی اہلیہ محترمہ ساتھ تھیں، دونوں سے نسل چلی اور بڑی تعداد میں افراد انسان دنیا میں پھیل گئے(وبث منهما ر□الاً كثيراً ونساء) النساء:1)

ایک عرصہ تک دنیا میں مؤمنین ہی مؤحدین تھے پھر دینِ حق کے منکرین بھی پیدا ہوگئے، بت پرستی بھی دنیا میں رواج پذیر ہوگئی، اہل حق اور باطل کے درمیان جنگیں ہوتی رہیں۔

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ خاتم الرسل ہیں، آپ شہرِ مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے، اسی شہر میں مشرکین رہتے تھے، کعبہ شریف کے اندر تک ان لوگوں نے بت رکھے ہوئے تھے، جب تک آپ ﷺ نبوت سے سرفراز نہیں ہوئے تھے تو مشرکین مکہ آپ ﷺ کی بہت تعریف کرتے تھے اور آپ کو الصادق الامین کے نام سے یاد کرتے تھے، جب آپ ﷺ نے لا الٰہ الا اللہ کی دعوت دی اور توحید کا سبق سکھایا تو وہی لوگ جو کل تک آپ کی تعریفیں کرتے تھے آپ کے دشمن ہوگئے، یہ لوگ آپ ﷺ کو جھٹلاتے تھے، تکلیفیں پہنچاتے تھے۔ جو شخص اسلام قبول کرلیتا تھا اسے بہت زیادہ مارتے پیٹتے تھے جیسا کہ اسی کتاب (سیرتِ سرورِ کونین ﷺ) کی پہلی جلد میں گذر چکا ہے۔

مشرکین مکہ نے دینِ توحید کی دشمنی پر ایسی کمر باندھی اور آپ ﷺ کو اور آپ کے ساتھیوں کو ایسی تکلیفیں پہنچائیں کہ آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے۔ جب تک یہ حضرات مکہ معظمہ میں تھے ان کو صبر کرنے کا حکم تھا جنگ کرنے کی اجازت نہ تھی، جب مسلمان مدینہ منورہ میں جمع ہوگئے اور امن کی جگہ مل گئی اور ایک مرکزی جگہ حاصل ہوگئی (جس میں اپنا اقتدار بھی ہوگیا) تو اللہ جل شانہ نے مسلمانوں کو جنگ کرنے کی اجازت دیدی۔

سورۃ الحج میں ارشاد فرمایا:

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ (39) الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَنْ يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا وَلَيَنْصُرَنَّ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ (40)۔

ان لوگوں کو اجازت دی گئی جن سے لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا، اور بلاشبہ اللہ ان کی مدد کرنے پر ضرور قادر ہے، یہ لوگ ناحق اپنے گھروں سے صرف یہ کہنے کی وجہ سے نکالے گئے کہ ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ بعض لوگوں کو بعض کے ذریعہ دفع فرماتا ہے تو نصاریٰ کے خلوت خانے اور یہود کے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں کثرت سے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے گرا دیے جاتے، اور یہ ضروری ہے کہ اللہ اس کی مدد کرے گا جو اللہ (کے دین) کی مدد کرے بلاشبہ اللہ قوی ہے غلبہ والا ہے۔

ان آیات میں اول تو یہ فرمایا کہ اہلِ ایمان کو قتال کرنے کی اجازت دی گئی جو اب تک مظلوم تھے اور ان سے جنگ کی جاتی رہی تھی، دوسرے یہ فرمایا کہ مؤمن بندے اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے۔ دشمنوں کے نزدیک ان کا صرف یہی قصور تھا کہ یہ حضرات یوں کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے حالانکہ یہ کوئی قصور کی بات نہیں ہے، یہ حضرات کسی کا مال نہیں چراتے تھے، خیانت نہیں کرتے تھے، برے افعال میں مبتلا نہ تھے، اس کے باوجود توحید کے دشمنوں نے انہیں ان کے گھروں سے نکال دیا۔ چوتھی بات یہ بتائی کہ اللہ جل شانہ کا اپنے مؤمن بندوں کے ساتھ یہ معاملہ رہا ہے کہ کافروں سے ان کی لڑائیاں ہوتی رہی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے مؤمن بندوں کی مدد ہوتی رہی ہے۔

سورۂ آل عمران میں فرمایا:

وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ (146)

اور بہت سے نبی گذرے ہیں جن کے ساتھ مل کر بہت سے اللہ والوں نے جنگ کی، پھر جو مصیبتیں ان کو اللہ کی راہ میں پہنچیں ان کی وجہ سے نہ ہمت ہارے نہ کمزور پڑے اور نہ عاجز ہوئے، اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے"

اپنے اپنے زمانہ میں حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی امتوں نے اپنے نبیوں کے ساتھ مل کر کافروں سے جنگ کی ہے اور اس کے ذریعہ کافروں کا زور توڑا ہے، یہ اللہ جل شانہ کی عادت رہی ہے کہ ایک جماعت کے ذریعہ دوسری جماعت کو دفع فرمایا ہے، اگر یہ صورت حال نہ ہوتی تو کفار اہلِ ایمان کی عبادت گاہوں کو گرا کر ختم کر دیتے۔ یہود نے (جو اپنے زمانہ میں مؤمن تھے) دشمنوں سے مقابلہ اور

مقاتلہ کیا اور اپنی عبادت گاہوں کو بچایا، پھر نصاریٰ کا دور آیا (جو اپنے زمانہ کے مؤمن تھے) انہوں نے بھی کافروں سے جنگ کی اور اور اپنے عبادت خانوں کی حفاظت کی، وہ دونوں قومیں اب بھی ہیں لیکن سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کا دین قبول نہ کرنے کی وجہ سے کافر ہیں، اب امت محمدیہ ہی مسلمان ہے اور تمام کافروں سے (جن میں یہود و نصاریٰ بھی داخل ہیں) مسلمانوں کی جنگ ہے اگر مسلمان اپنے دین کی بقاء کے لیے محنت نہ کریں اور

بوقت شرعی جہاد جنگ نہ کریں تو ان کی مسجدیں گرادی جائیں جن میں اللہ تعالیٰ کا بہت ذکر کیا جاتا ہے، کافروں کو یہ کہاں گوارا ہے کہ مسلمان اذانیں دیں اور مسجدیں بنائیں اور ان میں جماعت سے نماز پڑھیں۔

اسلام میں جیسے نماز، روزہ اور دیگر احکام کی اہمیت ہے ایسے ہی جہاد جاری رکھنا بھی مامور بہ ہے، اگر جہاد جاری نہ رکھا جائے تو اہل کفر مسلمانوں کو کچل کھا جائیں، نہ نئی مساجد تعمیر ہونے دیں نہ پرانی مسجدوں کو باقی رہنے دیں، اذانیں بند کرادیں، مدارس قرآنیہ ختم کرادیں، اور گو آپس میں اہل کفر میں اختلاف ہے لیکن اسلام اور مسلمان کو نقصان پہنچانے اور دنیا سے مٹانے کی نیتوں اور مشوروں میں سب ایک ہیں۔

الحمد للہ علماء کرام اور مجاہدینِ عظام کی جہود اور مساعی اور مسلمانوں کی باہمی کوششوں سے عرب و عجم میں کافر مسلمان ہو رہے ہیں اور مساجد و مدارس کی تعمیر پوری شان و شوکت کے ساتھ ہو رہی ہے۔ یورپ اور امریکہ میں کثرت سے غیر مسلم مسلمان ہو رہے ہیں اور مساجد و مدارس کا جال پھیل رہا ہے۔

ضروری نہیں ہے کہ جہاد جنگ ہی کے ذریعہ ہو اللہ کے دین کو بلند کرنے کے لیے مال خرچ کرنا، سفر کرنا، تقریریں کرنا، رسائل اور کتابیں لکھنا یہ سب جہاد کی صورتیں ہیں۔ (جہاد کے عمومی مفہوم میں بلاشبہ یہ ساری چیزیں آتی ہیں لیکن جہاد کی سب سے معظم قسم قتال فی سبیل اللہ یعنی اللہ کے راستہ میں لڑنا ہے اور آج چونکہ فرضِ عین ہو چکا ہے اس لیے کسی اور کام میں لگنے سے جہاد اور قتال فی سبیل اللہ کا فرض ادا نہیں ہو گا۔ مدیر) جنگ کے موقع پر جنگ کریں اور اللہ کا کلمہ بلند کرنے کے لیے ہر طرح کی محنتیں جاری رکھیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جاهدوالمشركين باموالكم وانفسكم والسنتكم (ابوداود باب كرهية ترك الغزو)

اس حدیث میں زبانوں سے جہاد کرنے کا حکم بھی فرمایا ہے۔ زبان سے جہاد کرنے میں بہت باتیں آگئیں، کافروں سے مناظرہ کرنا، ان کے خلاف تقریریں کرنا، مسلمانوں کو جہاد کے لیے ترغیب دینا اور آمادہ کرنا وغیرہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں سے ایک جماعت برابر حق بلند کرنے کے لیے قتال کرتی رہے گی جو شخص ان کے مقابلہ میں آئے گا یہ جماعت اس پر غلبہ پاتی رہے گی اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ میری امت کے آخری لوگ مسیح دجال سے قتال کریں گے۔

ائمہ کرام اور فقہاء عظام کا یہی مذہب ہے کہ مسلمانوں پر ہر قسم کا جہاد باقی رکھنا لازم ہے۔ علامہ ابو بکر جصاصؒ احکام القرآن ص 113 ج 3 میں لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ اور امام مالکؒ اور تمام فقہاء امصار کا قول ہے کہ جہاد قیامت تک فرض ہے، لیکن اس میں اتنی تفصیل ہے کہ عام حالات میں فرضِ کفایہ ہے۔ مسلمانوں کی ایک جماعت اس میں مشغول رہے گی تو باقی مسلمانوں کو اس کو ترک کرنے کی گنجائش ہو گی، اور یہ بھی لکھا ہے کہ تمام مسلمانوں کا یہ اعتقاد ہے کہ مسلمانوں کے ممالک کی سرحدوں کے رہنے والے مسلمان اگر طاقت ور نہ ہوں اور ان میں کافروں سے مقابلہ کی طاقت نہ ہو جس کی وجہ سے انہیں اپنے شہروں اور اپنی جانوں اور اپنے بچوں پر دشمنوں کی طرف سے خوف ہو تو ساری امت پر فرض ہو گا کہ وہ اپنے گھروں سے نکلیں اور کافروں کے حملہ سے مسلمانوں کی حفاظت کریں۔ اس کے بعد لکھتے ہیں۔۔ کہ امت میں کسی کا بھی یہ قول نہیں ہے کہ جب (کسی علاقہ میں) مسلمانوں کو اپنی جانوں کے قتل ہونے کا اور بچوں کے قید ہونے کا خطرہ ہو تو دوسرے (علاقہ کے) مسلمانوں کو ان کی مدد چھوڑ کر گھر بیٹھنا جائز ہو۔

پھر لکھا ہے کہ امام المسلمین اور عامۃ المسلمین پر لازم ہے کہ ہمیشہ کافروں سے جنگ کرتے رہیں یہاں تک کہ اسلام قبول کریں یا جزیہ ادا کریں۔

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں کہ جہاد فرض کفایہ ہے، مسلمانوں کی ایک جماعت اگر اس فریضہ پر قائم رہے تو باقی مسلمانوں سے ساقط ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی بھی جہاد میں مشغول نہ رہے تو سب گناہ گار ہوں گے۔ پھر لکھتے ہیں کہ کافروں سے قتال کرنا واجب ہے اگر چہ وہ خود سے جنگ میں پہل نہ کریں، اور اگر مسلمانوں کے کسی شہر پر دشمن چڑھ آئیں تو تمام مسلمانوں پر ان کا دفاع لازم ہو گا (آج کل چونکہ مسلمانوں کے تقریباً تمام شہروں پر کفار نے حملہ بلکہ قبضہ کیا ہے اس لیے اب جہاد فرض عین ہے۔ مدیر) اس صورت میں عورت بھی شوہر کی اجازت کے بغیر نکل کھڑی ہو، اور غلام بھی آقا کی اجازت کے بغیر میدان میں آجائے، اس لیے کہ اس صورت میں دشمنوں سے جنگ کرنا فرضِ عین ہو جاتا ہے۔ (ہدایہ کتاب السیر) جیسا کہ پہلے فرض کیا گیا، جہاد اور قتال اللہ کا کلمہ بلند کرنے کے لیے اور اللہ تعالیٰ کا دین پھیلانے کے لیے ہے اور جنگ برائے جنگ نہیں ہے۔

مشابہت وبشارت سورت احزاب کے سائے تلے

شیخ خالد حقانی حفظہ اللہ

جس طرح دنیا اضداد کا مجموعہ ہے اسی طرح دنیا نظائر، امثال اور اشباہ کا بھی مجموعہ ہے، کوئی شے ایک شے کے مشابہ ہے تو کوئی دوسری چیز سے مشابہت رکھتی ہے، کبھی ایک واقعہ کسی ایک سانحہ کی نظیر ہوتی ہے، تو کوئی حادثہ کسی دوسرے نازلہ سے مماثلت رکھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ استدلال کے لئے استعمال ہونے والے قیاس تین قسم کے شمار کیے گئے ہیں 1۔قیاسِ علت 2۔قیاسِ دلالت 3۔قیاسِ شبہ۔ اور امام ابن نجیم رحمہ اللہ نے تو اپنی کتاب کو الاشباہ والنظائر کے نام سے موسوم کیا ہے اور کبھی تو شریعت نے تشبہ کو اتنی زیادہ اہمیت دی ہے کہ کسی باطل قوم سے تشبہ اختیار کرنے والے کو انہی میں شمار کیا ہے "من تشبہ بقوم فھو منھم"، اور نیکوکار لوگوں سے مشابہت اختیار کرنے والے کو نیکوکاروں میں شمار کیا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں نکلنے والے جادوگروں کی ہدایت کی ایک وجہ علماء نے یہ بھی بیان کی ہے کہ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کی طرح لباس اور کپڑے پہنے ہوئے تھے۔

جس طرح مشابہت تشریعی امور میں ہوتی ہے اور تشبہ کی وجہ سے حکم مشبہ بہ (جس سے مشابہت کی جائے) سے مشبہ (جو مشابہہ کرے) کی طرف منتقل ہوتا ہے اسی طرح کبھی تکوینی امور میں بھی مشابہت پائی جاتی ہے اور یہ مشابہت اس بات پر قرینہ اور فال ہوتا ہے کہ ممکن ہے یہ واقعہ بھی اپنی نظیر کی طرح ہو جائے، اسی لئے کہا جاتا ہے لکل فرعون موسیٰ کہ ہر فرعون کے مقابلے میں موسیٰ ہوتا ہے، یعنی جس طرح کوئی فرعون کی طرح ظلم و بربریت اور انسانوں کو اپنا غلام بنانے کے لئے نکلتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی طرح اولوالعزم اور حق گو شخص کو ایسے شخص کے مقابلے میں بھیجتا ہے۔ تکوینی امور میں موجود یہ تشبیہ کسی مظلوم قوم کو بشارت دیتی ہے (جس پر کسی ظالم کی طرف سے کوہِ ظلم ٹوٹ پڑا ہو) کہ وہ مایوس نہ ہو، سنت ربانی کے مطابق اللہ تعالیٰ ان کی مدد کریگا اور اگر یہ ہمت نہ ہاریں تو اللہ تعالیٰ ان میں سے اس ظالم کے لئے کوئی موسیٰ ضرور پیدا فرمائے گا، یہ تشبہ اور مشابہت کی ایک مثال ہے کہ کسی ظالم کا ظلم جب عروج پر پہنچتا ہے اور اس کی حالت فرعون جیسی ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ تکوینی طور پر اس ظالم کے زور کو توڑنے کے لئے کسی نہ کسی شخص کو ضرور بھیجتا ہے یہاں پر فرعون کے ساتھ مشابہت پر حکم مرتب ہوا کہ موسیٰ آئے گا،

اور اس کی ایک اور مثال یہ ہے کہ طالوت کے ساتھی جالوت کے مقابلے میں صرف 313 تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد کی اسی طرح بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھی ابو جہل کے مقابلے میں 313 تھے اور اللہ نے آپ ﷺ کی بھرپور نصرت فرمائی۔

اسی طرح بعثت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اوائل (شروع کے ایام) میں جب فارس نے روم کو فتح کیا تھا تو مشرکین نے اس سے فال نکالا کہ جس طرح ہمارے فارسی بھائی رومیوں پر غالب آگئے اسی طرح ہم بھی تم پر غالب آئیں گے یہ اس لئے کہ مشرکین مکہ کی مشابہت فارسیوں سے تھی کیونکہ وہ بتوں کی پوجا کرتے تھے اور فارسی آگ کو سجدہ کرتے تھے اور رومیوں کی مشابہت فارسیوں کی نسبت مسلمانوں سے تھی ااس لیے کہ وہ بھی اہل کتاب تھے اور مسلمان ان کی کتاب اور پیغمبر ﷺ کو مانتے تھے اور مسلمانوں کے پاس بھی اللہ کی کتاب تھی، تو جب انہوں نے فارس کی فتح سے فال نکالا کہ ہم غالب ہوں گے تو اللہ تعالیٰ نے سورہ روم نازل فرمائی کہ نہیں اہلِ فارس تو عنقریب شکست کھائیں گے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابی بن خلف سے شرط لگائی کہ تھوڑے ہی عرصے میں رومیوں کو دوبارہ فتح حاصل ہو گی اور فارس شکست کھائے گا پس تمہارا یہ فال ٹھیک نہیں ہے اس لئے کہ اگرچہ تمہاری مشابہت تو فارسیوں سے ہے لیکن ان کی فتح عارضی ہے اور اصل فتح ان کے خلاف روم کو ہی ہو گی۔ لطف کی بات یہ ہے کہ جب مسلمانوں نے ہجرت کے دوسرے سال اہل مکہ کو میدان بدر میں شکست فاش دی اور مسلمان بدر کی خوشیاں منا رہے تھے، عین انہی ایام میں روم نے فارس کو شکست دے دی اور فارسی بھاگ گئے اور قرعہ فال مسلمانوں کے حق میں نکلا، یہاں بھی اقوام کی مشابہت کی وجہ سے فریقین نے اپنے لئے فال نکالا لیکن مسلمانوں کا فال صحیح نکلا اور کفار کا غلط، وہاں پر ہم جو نیک فالی نکالنے کی بات کرتے ہیں تو وہ روم کی فتح کی نہیں ہے اس لئے کہ وہ تو نصِ قرآن سے ثابت تھی، وہاں پر نیک فالی کفار کے مقابلے میں انہوں نے فارس کی فتح سے اپنی فتح نکالا تھا جبکہ مسلمان روم کی فتح سے اپنی فتح کے لیے نکالتے تھے۔

اگرچہ یہاں بات یقینی نہیں ہے لیکن کبھی کبھی نیک فالی کے طور پر اس طرح کی کسی مشابہت کو قرینہ بنا کر اس قرینے کی رو سے کسی واقعہ کے مستقبل کے بارے میں بات کی جائے تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ اب ہم آتے ہیں اس دور کے ایک بڑے اور عظیم واقعے کی جو نبی علیہ السلام کے زمانے میں پیش آیا ایک عظیم واقعے کے ساتھ واضح مشابہت کی طرف، جو ہمیں ایک عظیم فتح اور بڑی کامیابی کی بشارت دیتی ہے اور ممکن ہے کہ یہ پوری دنیا میں خلافت کے قیام کی نوید ہو (ان شاء اللہ) ۔ اس وقت امت کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ہر طرف ان کی بے کسی و بے بسی، مالی و اقتصادی لحاظ سے ان کی کمزوری اور ارد گرد سے

دشمن کا محاصرہ یہ اس امت کی اولین نسل صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کو بھی پیش آئے تھے لیکن پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹانے والی مشکلات اپنے عقیدہ اور موقف پر مضبوط صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کو اپنی جگہ سے نہ ہلا سکیں، اقتصادی پابندی تھی تو وہ ایسی کہ شعب ابی طالب میں وہ بھوک کی وجہ سے چمڑے اور ہڈیاں تک کھاتے تھے، اپنے گھر اور اپنے علاقے سے نکالنے کی بات ہو تو نبی علیہ السلام تک بھی اپنے گھر سے نکالے گئے وغیرہ، ان سب کو انہوں نے برداشت کیا اور بالآخر فتح یاب ہوگئے اور فتح در فتح حاصل کرکے پوری دنیا پر شرعی حکومت کرنے لگے اور دنیا کو عدل وانصاف سے بھر کر رکھ دیا۔

اس دور کا بڑا واقعہ اور حادثہ مسلم دنیا، بالخصوص امارت اسلامی افغانستان پر امریکی اور اس کی اتحادی افواج کا حملہ ومحاصرہ ہے جو کہ مدینہ کے ارد گرد احزاب کے جمع ہونے کے ساتھ بہت زیادہ مشابہت رکھتا ہے جس کو اسلامی تاریخ میں ہم جنگِ خندق اور جنگِ احزاب کے نام سے جانتے ہیں جس کا بیان اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ کیا ہے، اس سورت کا نام بھی سورۃ الاحزاب رکھا ہے ، یہ جنگ شوال 4ھ کو لڑی گئی تھی، اس دوران کفار مکہ، اسد، غطفان، بنوسلیم، بنوفزارہ، اشجع اور بنومرہ قبیلوں نے آپس میں اتحاد کرکے مسلمانوں کے خلاف لشکر روانہ کیا، جبکہ نبی علیہ السلام کے قریب مدینہ میں رہنے والے یہود نے بھی نبی علیہ السلام کے ساتھ معاہدہ توڑ کر لشکر کا ساتھ دیا لیکن اللہ کے فضل سے لشکر ناکام ونامراد واپس ہوگیا اور غدار قوم یہود بھی اپنے منطقی انجام کو پہنچ گئے، گزشتہ پندرہ سالوں سے کفار کے لاؤلشکر کی طرف سے سرزمین خراسان کے سخت ترین محاصرے اور جنگ کی غزوہ احزاب کے ساتھ واضح مشابہت ہمیں بشارت دیتی ہے کہ ان شاء اللہ عنقریب ہم بھی اس لشکر کے مقابلے میں کامیاب ہوں گے اور یہ کفار ناکام ونامراد واپس جائیں گے، اگر یہ بات فقط مشابہت کی وجہ سے میں پندرہ سال پہلے کرتا تو ممکن ہے کوئی مجھے دیوانہ کہتا لیکن اب تو اس لشکر کا سردار خود بھی اپنی ناکامی کا اعتراف کر رہا ہے اور مسلسل بھاگنے کا راستہ تلاش کر رہا ہے تو اس مشابہت سے پھوٹتی بشارت کی روشنی امتِ مسلمہ کو طاغوتی نظاموں کے سقوط اور اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی روشن راہیں خود دکھارہی ہے۔

مدینہ طیبہ میں قائم اسلامی ریاست عالمِ کفر کے لئے ناقابلِ برداشت

☆مدینے کے ارد گرد کفار اس وقت جمع ہوئے جب مسلمانوں نے کفار کے خلاف چھوٹی کاروائیوں کے علاوہ دو بڑی جنگیں لڑی تھیں بدر میں تو کفار کو بری طرح ناکامی ہوئی تھی اور احد میں بھی مسلمانوں کی عارضی شکست کے بعد کفار بھاگ کھڑے ہوئے تھے، ایسے حالات میں کہ مدینہ منورہ میں اسلامی خلافت روز بروز مضبوط ہوتی جارہی تھی اور کفار کو یہ خطرہ لاحق ہوا کہ اسلامی سلطنت کا دائرہ کہیں ہمارے علاقوں تک بھی نہ پھیل جائے کفار اپنے آپس کے اختلافات بھلا کر مدینہ منورہ کے ارد گرد مسلمانوں کے استحصال اور مکمل بیخ کنی کے لئے جمع ہوگئے۔

بالکل اسی طرح افغانستان کے خلاف اس وقت کفار جمع ہوئے جب اسلامی امارت، افغانستان کی سرزمین پر اپنے قدم جمارہی تھی اور پوری دنیا اس کو اپنے باطل نظاموں کے لئے ایک خطرہ محسوس کرنے لگی، جبکہ بہادر افغان مسلمانوں نے اس سے پہلے ماضی قریب میں کفار کے خلاف اسی سرزمین پر دو عظیم جنگیں لڑی تھیں بدر کی طرح تو برطانوی استعمار کو ایسی شکست ہوئی تھی کہ اس غیرت مند سرزمین سے ان کا صرف ایک فوجی بھاگنے میں کامیاب ہوا تھا، جبکہ روس کے خلاف بھی مسلمانوں کا معرکہ ایک تاریخی معرکہ ہے اگرچہ اس میں مسلمانوں کو بھاری جانی ومالی نقصان اٹھانا پڑا لیکن بالآخر روس نے بھی یہاں سے فرار کا راستہ اختیار کیا اور مسلمان اللہ کے فضل سے کامیاب وکامران ہوئے، اس کے بعد جب اسی سرزمین سے خلافتِ اسلامیہ کی صدائیں آنا شروع ہوئیں تو کفار کو اپنے شکستہ نظاموں کو بچانے کا غم لاحق ہوا اور انہوں نے ان کے خلاف ایک وحشت ناک جنگ کا اعلان کردیا۔

مدینہ طیبہ میں مسلمانوں کے استحصال کے لیے مشرکین کا عالمی اتحاد

مدینہ طیبہ کا محاصرہ کرتے وقت کفار نے آپس کے اختلافات بھلا کر مسلمانوں کے خلاف اتحاد قائم کیا، خصوصاً مشرکین مکہ اور یہود کے درمیان اتفاق ایک نادر الوقوع امر تھا کیونکہ یہ یہود نبی آخر الزماں ﷺ کے مبعوث ہونے سے پہلے انہی مشرکین کے خلاف اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے تھے کہ اے اللہ نبی آخر الزماں کو بھیج دے تاکہ ہم ان کفار کے خلاف اس کی قیادت میں لڑ کر ان پر فتح حاصل کریں:

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْافَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِہٖ ۔

ترجمہ: اور وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے، پس جب اُن کے پاس آ پہنچی وہ چیز جس کو وہ خوب پہچانتے تھے تو اُس کے منکر ہوگئے۔ (بقرہ آیت نمبر ۸۹)

اور اس وقت ان کا اتحاد الکفر ملۃ واحدۃ کا حقیقی مظہر تھا۔

اسی طرح جب امریکہ اپنے پورے غرور و تکبر کے ساتھ فرعونی دعویٰ انا ربکم الاعلیٰ کے ساتھ افغانستان میں اسلامی حکومت کے خلاف حملہ آور ہوا تو دنیا کے تمام کفار اس کے تحادی بنے اور یہود و ہنود اور نصاریٰ و مشرکین اپنے آپس کے اختلافات بھلا کر اس دجالی لشکر میں شامل ہو گئے، اور دیکھتے ہی دیکھتے 52 ممالک کی افواج پوری قوت سے امارت اسلامی پر چڑھ دوڑیں، جس طرح وہاں یہود اور مشرکین کے درمیان اتحاد ایک تعجب کی بات تھی اسی طرح یہاں زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ نام نہاد مسلمان، مرتد حکومتوں نے بھی ان یہود و نصاریٰ کے ساتھ مکمل اتحاد کیا اور اولادِ ابراہیم کے لئے جلائی جانے والی آگ میں ہر کسی نے اپنی طاقت کے مطابق حصہ ڈالا کسی نے مالی امداد کی تو کسی نے براہ راست اپنے فوجیوں کو افغانستان بھیجا، کسی نے اڈے اور سپلائی فراہم کی، تاکہ امارتِ اسلامیہ کو ڈھانے کی 'سعادت' سے کوئی محروم نہ رہے۔

☆ انہوں نے مدینے پر ہر طرف سے حملے کا منصوبہ بنایا اور مدینہ کا ہر اس مقام سے محاصرہ کیا جہاں سے وہ اس کو فتح اور کنٹرول کرنے کا یقین رکھتے تھے، اللہ جل جلالہ فرماتے ہیں:

اِذْ جَآ ءُ وْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَ مِنْ اَسْفَلَ مِنْكُم۔

"'جب وہ تمہارے اوپر اور نیچے کی طرف سے تم پر چڑھ آئے"۔(احزاب آیت نمبر ۱۰)

ان میں سے ایک گروہ مدینہ کی نچلی سائڈ اتر گیا وہ مدینہ کی مشرقی طرف تھا اور دوسرا گروہ مدینہ کے اوپر کی طرف اتر گیا، مشرق کی طرف بنو قریظہ کا قلعہ تھا ان کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معاہدہ تھا انہوں نے معاہدہ توڑا اور مسلمانوں کے خلاف کفارِ مکہ کی مدد کی۔

مدینہ طیبہ میں سخت خوف وہراس

لشکر کفار کے حملے کے وقت مدینہ طیبہ میں سخت خوف وہراس کا سماں تھا، دہشت کے مارے دل حلق کو پہنچے ہوئے تھے، ہر شخص متفکر تھا کہ اب کیا ہوگا، قرآن مجید نے اس منظر کا کچھ یوں نقشہ کھینچا ہے، وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِر۔" اور دل (مارے دہشت کے) گلوں تک پہنچ گئے:۔(احزاب آیت نمبر ۱۰)

جبکہ نبی اکرم ﷺ ان سخت ترین حالات میں مسلمانوں کو نہ صرف اس جنگ میں فتح و غلبہ کی بشارت دے رہے تھے بلکہ قیصر و کسریٰ کے خزانوں کے زیر نگیں آنے کی خوشخبری بھی سنا رہے تھے، ایسے سخت ترین

حالات میں ان بشارتوں کو سن کر مادیت پرست منافقین اسے جھوٹی تسلیاں سمجھ کر آپس میں چہ میگوئیاں کرنے لگے۔

علامہ سلیمان اندلسی ''الاکتفاء'' میں ان کا حال یوں بیان فرماتے ہیں:

حتٰی قال قائل منهم کا ن محمد یعدنا ان نأکل کنوز کسریٰ وقیصر واحدنا الیوم لایأمن علیٰ نفسه ان یذهب الی الغائط۔

یہاں تک کہ ان میں سے بعض کہنے والے یوں کہنے لگے کہ محمد ﷺ تو ہم سے قیصر و کسریٰ کے خزانے کھانے کے وعدے کرتا تھا جب کے ہم میں سے کوئی آج تقاضے تک کے لئے جانے سے محفوظ نہیں ہے۔(الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والثلاثۃ الخلفاء2،105)

اسی طرح اگر کسی کو یاد ہو تو جب امریکہ اور اس کے حواریوں نے امارتِ اسلامی پر حملہ کیا تو مسلمان بہت خوفزدہ تھے اور جنگ اتنی سخت تھی کہ دل خوف کے مارے گلوں کو پہنچے ہوئے تھے، مایوسی اور دہشت کا یہ عالم تھا کہ یہ سوچنا تو درکنار کہ امریکہ شکست کھا جائے گا اس بات کا تصور اور گمان بھی مشکل ہو رہا تھا کہ ان کے خلاف جنگ لڑنا بھی ممکن ہے بلکہ لوگ ان کیخلاف جنگ کو دیوانگی اور ہلاکت سمجھتے تھے۔ کہا جاتا تھا کہ وہ زمین پر سوئی کو بھی دیکھ کر نشانہ بنا سکتے ہیں، مجھے یاد ہے کہ ہمارے ایک ساتھی اسماعیل شہید رحمہ اللہ جو انتہائی مضبوط ایمان اور یقین والے تھے شینکئی کے مقام پر ایک جنگ کے دوران امریکی ہیلی کاپٹروں سے نہیں چھپے اور چٹیل میدان میں بیٹھے رہے، ساتھیوں نے کہا کہ تھوڑا ادھر درختوں کے نیچے ہو جائیں، ہیلی کاپٹر نے دیکھ لیا تو مارے گا تو انھوں نے کہا کہ آج میں دیکھتا ہوں کہ میں سوئی سے چھوٹا ہوں یا بڑا، لیکن اللہ کا کرنا یہ ہوا کہ وہ اس جنگ میں بالکل محفوظ رہے، چند عرصے بعد وہ کسی اور مقام پر شہید ہوئے اللہ تعالیٰ ان کی شہادت قبول فرمائے، آمین، اسی طرح بعض منافقین یوں کہا کرتے کہ ان کو دیکھو یہ دنیا پر حکومت و قبضے کے خواب دیکھتے تھے کیسے غاروں میں چھپ گئے ہیں، اور آج بھی ممکن ہے اگر ہم کہیں کہ اب اقوامِ متحدہ کا وقت ختم ہو چکا ہے اور اس کی جگہ عالمگیر اسلامی خلافت کا قیام ہو گا تو لوگ ہم پر ہنسیں گے اور اسے دیوانے کی بڑ سمجھیں گے لیکن

واللہ غالب علیٰ امره ولکن اکثر الناس لا یعلمون ۔

اہل مدینہ کی دو گروہوں میں تقسیم

لشکر کفار کا طمطراق دیکھ کر مدینہ میں لوگ واضح طور پر دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے، ارشاد باری ہے:

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا۔

اور جب منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہنے لگے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے تو ہم سے محض دھوکے کا وعدہ کیا تھا"۔ (احزاب آیت نمبر 12)

ایک منافقین اور مرضی القلوب کا گروہ جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی فتح اور غلبے کے وعدوں کو دھوکہ اور جھوٹی تسلیاں قرار دینے لگا اور مسلمانوں کا مذاق اڑانے لگا علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں:'' فحينئذظهر النفاق و تكلم الذين فى قلوبهم مرض بما فى انفسهم۔" پس اس وقت نفاق ظاہر ہوا اور جن لوگوں کے دلوں میں مرض تھا وہ اپنے دل کی باتیں کرنے لگے"۔

جبکہ دوسرا گروہ مؤمنین مخلصین کا تھا جو اللہ کے وعدے پر یقین رکھتے تھے کہ لشکر جمع ہو کر آئیں گے اور فتح وغلبہ مؤمنین کو حاصل ہو گا، فرمایا:

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَاوَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا۔"

اور جب مؤمنوں نے (کافروں کے) لشکر کو دیکھا تو کہنے لگے یہ وہی ہے جس کا اللہ اور اُس کے پیغمبر ﷺ نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اُس کے پیغمبر ﷺ نے سچ کہا تھا اور اس سے اُن کے ایمان اور اطاعت ہی میں اضافہ ہوا"۔(احزاب آیت نمبر 22)

اسی تقسیم کو اللہ تعالیٰ نے یوں بھی واضح فرمایا:وَ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا۔"اور تم اللہ کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے"۔احزاب آیت نمبر ۱۰۔

حضرت حسن بصریؒ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں ظنون مختلفة، یعنی" مختلف گمان ہوتے تھے" ایک گمان منافقین کا کہ مسلمانوں کی بیخ کنی ہو جائے گی اور دوسرا گمان مسلمانوں کا تھا کہ ان کو یقین تھا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا وعدہ سچ ہے اور یہ کہ وہ اسلام کو تمام ادیان پر غالب کریں گے اگرچہ مشرکین اس کو برا مانیں گے۔(ابن کثیر)

بالکل اسی طرح جب امارتِ اسلامی پر عالمِ کفر کی یلغار شروع ہوئی تو اس وقت بھی مسلم دنیا واضح طور پر دو گروہوں میں تقسیم ہو گئی، ایک گروہ کفار کی طاقت دیکھ کر طالبان اور شریعت اسلامی سے سخت بد دل ہوا اور وہ کھلے بندوں کہنے لگے کہ اس خوفناک جنگ میں طالبان کی کامیابی کا کوئی امکان نظر نہیں آتا، طرح طرح سے شریعت اور مجاہدین کا مذاق اڑانے لگے، ان پر الزامات وملامتوں کی بوچھاڑ ہونے لگی کہ جب یہ مقابلہ نہیں کر سکتے تھے تو امریکہ کو چھیڑا کیوں؟ نائن الیون کی مبارک استشہادی کاروائی کو اسلام اور مسلمانوں کے وجود و سلامتی کے لئے بڑا خطرہ قرار دیا جانے لگا وغیرہ۔۔۔ جبکہ دوسرا گروہ یہاں بھی مخلصین مؤمنین کا تھا جو اللہ تعالیٰ کے اس قرآنی وعدے پر یقین رکھتا تھا: وانتم الاعلون ان کنتم مئو منین۔ " اور تم ہی غالب رہو گے اگر تم ایمان والے ہو"۔

اور انہوں نے اس کفری یلغار کو فتح و غلبے کا آغاز سمجھ کر اللہ کے حضور سجدہ شکر بجالایا کہ ان گوری چمڑی والوں کو ہم کہاں کہاں ڈھونڈ کر مارتے اور ان کی فوجی طاقت کا بھرکس کیسے نکالتے یااللہ! تو بڑی غیرت والی ذات ہے کہ ان کو پوری طاقت سمیت ہمارے قدموں میں لا کر ڈال دیا کہ لو! ان کے ساتھ میرے حکم کے مطابق عمل کرو۔

امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے یہ الفاظ تاریخ کا حصہ ہیں کہ وقت ہمارے پاس ہے اور گھڑیاں ان کے پاس، اور فرمایا کہ ہم امریکہ تو نہیں جا سکتے تھے اللہ خود انکو یہاں کھینچ کر لایا، فللہ الحمدو الشکر و النعمۃ۔

مدینہ طیبہ میں مسلمانوں کے خلاف میڈیا وار:

منافقین کے درمیان موجود ایک گروہ مسلمانوں کے خلاف منظم انداز سے میڈیا وار میں مصروف تھا کبھی ان کے درمیان سنسنی پھیلانے کے لئے جھوٹی افواہیں اڑاتے کبھی ان کے خیر خواہ بن کر مصلحت سے کام لینے کے مشورے دیتے اور طرح طرح سے ملامتیں کرتے اور کبھی ان کی شکست کا یقین کر کے کھل کر ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے پروپیگنڈوں کا نقشہ یوں کھینچا ہے: يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَامُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا۔ " اے اہلِ مدینہ! (یہاں) تمہارے لئے (ٹھہرنے کا) مقام نہیں تو لوٹ چلو"۔ (احزاب آیت نمبر 13)

یعنی نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رباط وجہاد میں تمہارے لئے کوئی جگہ نہیں ہے اور آپ ان لشکروں کے مقابلے میں نہیں ٹھہر سکتے لہٰذا واپس ہو جاؤ۔

دوسری جگہ فرمایا:

قَدْ يَعْلَمُ اللهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَالْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللهِ يَسِيْرًا۔

" اللہ تم میں سے ان لوگوں کو بھی جانتا ہے جو (لوگوں کو) منع کرتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس چلے آؤ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم۔ (یہ اس لئے کہ) تمہارے بارے میں بخل کرتے ہیں پھر جب ڈر (کا وقت) آئے تو تم اُن کو دیکھو کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں (اور) اُن کی آنکھیں (اس طرح) پھر رہی ہیں جیسے کسی کو موت سے غشی آرہی ہو پھر جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کیساتھ زبان درازی کریں اور مال میں بخل کریں یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان لائے ہی نہ تھے تو اللہ نے اُن کے اعمال برباد کر دیئے اور یہ اللہ کو آسان تھا "۔(احزاب آیت نمبر ۱۸۔19)

منافقین کا یہ گروہ اس بات پر پوری توجہ رکھتا تھا کہ مشکل اور مصیبت میں مسلمانوں کے خلاف بھرپور پروپیگنڈا پھیلائے کہ کس طرح ان کے حوصلے ٹوٹ جائیں اور ان کی جماعت منتشر ہو جائے اور فتح وغلبہ کے آثار دیکھتے ہی چکنی چپڑی باتوں کے ذریعے مسلمانوں کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتے کہ ہم تو آپ کے اپنے ہیں اور طرح طرح کے اعذار پیش کر کے مکمل خوشامد کرتے۔

اسی طرح یہاں بھی منافقین کا ایک گروہ طالبان اور مجاہدین کے خلاف بھرپور انداز میں پروپیگنڈا پھیلانے میں مصروف ہے، اولاً تو ایسی ایسی افواہیں پھیلائیں کہ الامان والحفیظ۔ امریکہ اور اسکے اتحادیوں کی طاقت کو نعوذ باللہ ! اللہ تعالیٰ سے بھی برتر دکھانے کی کوشش کی گئی (کہ ان کے پاس دیواروں کے پار اور پہاڑوں کے اندر تک دیکھنے کی ٹیکنالوجی ہے) پھر مجاہدین کے حوصلوں کو توڑنے اور ان کی مجتمع طاقت کو منتشر کرنے کے لئے شکست وشہادت کے ایسے پروپیگنڈے پھیلائے جانے لگے کہ پہاڑ بھی جھوٹ اور شر انگیزی سے ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ بہت سوں نے ملامتوں اور الزامات کی زبانیں تیز کر لیں، طرح طرح کے طعنے دیے گئے، کہ امریکہ کو چٹکی بھرنے والے کن غاروں میں چھپ گئے ؟ کہاں گئے پوری دنیا پر حکمرانی کے خواب دیکھنے والے ؟ وغیرہ وغیرہ۔

ایسے میں جہاد سے منسوب بڑی شخصیات پر بھی جیسے موت طاری ہو گئی جو کبھی کل تک پاکستان میں طالبان کی پہچان ہونے کے دعویدار تھے اور پاکستان میں امیر المومنین کے نمائندہ تھے اور ان کی طرف سے پاکستان میں نائب بننے کیلئے ایک دوسرے سے بازی لیجارہے تھے اور کبھی واشنگٹن پر فتح کے جھنڈے گاڑنے کے دعوے کرتے تھے

اور کبھی دہلی میں پانچ لاکھ کفن پوش داخل کرتے تھے ایسے خاموش ہو گئے جیسے ان کے سروں پر پرندوں کا بسیرا ہو اور مجاہدین سے ناطے ایسے توڑ لئے کہ جیسے ان سے صدیوں پرانی دشمنی ہو۔

ایسے لوگوں کے کردار سے کون واقف نہیں جو امارتِ اسلامی کے بنیادی ڈھانچے کے اصل مؤسس اور کراچی میں بیٹھ کر قندھار پر اصل حاکم اپنے آپ کو سمجھتے تھے، تحریر، تقریر، دفاتر، جرائد ہر اعتبار سے اپنے آپ کو طالبان کے حقیقی نمائندے اور پاکستان میں اسی نظام کے نقیب جانتے تھے، فراخی کے دنوں میں کروڑوں، اربوں روپے کی امداد دینے والے خوشامدیوں پر ایسا سکوتِ مرگ طاری ہوا کہ طالب نام سے ان کا سکون خراب ہونے لگا واللہ! افغان نام کے چوکیدار تک کو انہوں نے اپنے اداروں سے فارغ کر دیا فیاللعجب!! اور طوفانی نعروں میں گرجتے تھے کہ اگر امریکہ افغانستان پر حملہ آور ہوا تو پاکستان میں موجود امریکیوں کو کتوں کی طرح ماریں گے وغیرہ وغیرہ، اور آج جب امریکہ اور اتحادی پھر شکست و فرار کا راستہ تلاش کر رہے ہیں اور فتح و غلبے کے آثار نہایت واضح ہونے لگے ہیں تو انہوں نے پھر طالبان کے گن گانے شروع کر دئے ہیں کوئی گو امریکہ گو کانفرنس کر رہا ہے، کوئی اسلام زندہ باد کانفرنس سے نام نہاد محبت کا اظہار کر رہا ہے، کوئی دفاع پاکستان کے نام پر کانفرنس منعقد کر کے نیٹو سپلائی اور امریکی مداخلت کی مخالفت کے نام پر پوری فتح کا سہرا اپنے سر سجانے کے خواہشمند ہیں اور کوئی روس کی شکست میں علمبرداری کے دعوے کے بعد اب امریکی شکست میں بھی ساجھے دار ہونے کے دعوے شروع کر رہے ہیں، ان ظالموں کو اس بات پر ذرا بھی شرم نہیں آتی کہ جب کل یہ کہتے تھے کہ ہم طالبان طرز کا نظام نہیں چاہتے اور ملاّ محمد عمر مجاہد اور اسامہ بن لادن رحمہما اللہ کو آئی۔ایس۔آئی کا ایجنٹ قرار دیتے تھے اور زہر افشانی کرتے تھے کہ مجھے نہیں معلوم کہ کمانڈر نیک محمدؒ کونسی ایجنسی کا ایجنٹ رہا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی بڑی عجیب تصویر کھینچی ہے کہ جب خوف آجائے تو تم ان کو دیکھو گے کہ انکی آنکھیں حلقوں میں اس طرح پھرتی ہیں جیسے کہ ان پر موت کی غشی طاری ہوئی ہو اور جب خوف ٹل جائے تو پھر آہنی زبانوں سے آپ کا استقبال کریں گے، علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے کیا خوب تفسیر بیان فرمائی ہے: ای فاذا کا ن الامن تکلموا کلامابلیغا فصیحا عالیا ،و ادعوا لانفسھم المقامات العالیۃ فی الشجاعۃ و النجدۃو ھم یکذبون فی ذالک ۔(ابن کثیر 3،573)"یعنی جب امن ہو تو یہ لوگ فصیح و بلیغ باتیں (تقریریں) کرتے ہیں اور اپنے آپ کے لئے شجاعت اور بہادری میں عالی مرتبت کے دعوے کرتے ہیں اور یہ اس میں جھوٹ بولتے ہیں" اعاذنا اللہ من ذالک۔(جاری ہے)

بزا خفش ہم سے اچھی تھی وہ انکار میں سر ہلا دیتی تھی ہم تو۔۔۔(منصور یوسفزئی)

ایک فوجی دوست نے عجیب تبصرہ کیا،، کہ ہم سے تو اخفش کی بکری بھی اچھی تھی انگریز کی ترتیب کردہ پاکستانی فوج میں (نو سر) کی کوئی گنجائش نہیں،، اگر نو سر کہا تو سزا کم از کم 14 سال قید سے لیکر موت تک ہو سکتی ہے۔ میں نے پوچھا یہ اخفش کی بکری کیا ہے اس نے کہا ہاں دوست یقین جانو، اخفش کی بکری پھر بھی اچھی تھی وہ انکار میں سر ہلا دیتی تھی، اگرچہ اس کے سر میں دماغ بھی نہیں تھا لیکن،

ہم نے اپنی بہن (عافیہ صدیقی) کو پکڑ کر امریکہ کے حوالے کیا اور ڈالر لئے، نو سر کی گنجائش نہ تھی، ہمیں اپنوں کو مارنے کا آرڈر ملا، نو سر کی گنجائش نہ تھی،

"کیا تمہیں سمجھ آئی ہے جو کچھ میں نے کہا ہے

میں نے کہا ہاں میں بزا خفش تو نہیں نا، وہ مسکرایا اور تشریح کرنے لگا،

اخفش نامی ایک شخص تھا جو پڑھنے لکھنے کا بڑا شوقین تھا۔ اسے استاد سے جو سبق یاد کرنے کو ملتا' اسے وہ بار بار دہراتا تھا تاہم گھر آکر اسے کوئی ایسا سامع میسر نہیں تھا جکے سامنے سبق دہراتا اور وہ اسکی غلطی پکڑتا۔

اس کی ایک بکری تھی چنانچہ اخفش بکری کے سامنے بیٹھ کر اپنا سبق دہراتا۔ اگر بکری اوپر نیچے سر ہلاتی تو اخفش اسے مثبت سمجھتا' گویا وہ ٹھیک دہرا رہا ہے۔ اگر بکری کا سر دائیں بائیں ہلتا تو اخفش اپنی غلطی تصور کر کے اپنا سبق پھر سے دہرانا شروع کر دیتا۔

پھر کہا ہمارے قائد اور بابائے قوم کو دیکھو کون ہے وہ؟ اس نے کیا کارنامہ انجام دیا ہے؟ کچھ دیر خاموش ہوا اور پھر آہ بھر کر کہنے لگا، ہمارے یہ تجزیہ نگار، یہ تھنک ٹینکس، یہ ڈاکٹر، یہ علما، یہ جرنیل حتیٰ کہ حکمرانوں نے آج تک یہ نہ سوچا کہ کیا قائداعظم نے پاکستان کی آزادی کی خاطر کوئی جنگ لڑی، کیا کسی انگریز کو قتل کیا، کیا کسی ہندو کو قتل کیا؟ کیا اس نے جیل دیکھا، آخر کیونکر وہ ہمارے بابائے قوم ٹھہرے؟

اس نے کہا دوست بزا خفش کی طرح صرف سر نہ ہلاو جواب دو،؟؟؟

میں نے کہا سمجھ رہا ہوں دوست بزا خفش نہیں ہوں،

پھر کہا، پاکستان کا مطلب لا الہ الااللہ ہوتا تو بگوان داس چیف جسٹس بنتا؟؟؟

اس نے کہا دیکھو وہ علامہ اقبال کتنا بڑا دہشت گرد تھا، تعلیم نسواں کے خلاف تھا، آزادی نسواں کے خلاف تھا، جمہوریت کے خلاف تھا، وہ تو خلافت چاہتا تھا،، چین و عرب ہمارا ھندوستاں ہمارا ،مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا۔

پھر کہا شاید میں ہی پاگل ہوں یا یہ سارا پاکستان، دیکھو راحیل ہیرو ہے لیکن وہ امریکہ کا یار ہے چین کا یار ہے

،روس کا یار ہے، انڈیا سے دوستی چاہتا ہے، ہزاروں فضائی اور زمینی حملے قبائل میں اور پاکستان میں مسلمانوں پر کئے اور ان مسلمانوں کا ہی ہیرو ہے، وہ پوری دنیائے کفر کا بھی ہیرو ہے۔

اور میں ایک سپاہی ہوں،،، پاکستان کی خاطر مر مٹوں گا،، ہر آرڈر مانوں گا اپنی جاں کی پرواکئے بغیر، لیکن بزا خفش پھر بھی ہم سے اچھی تھی،، ہم تو انکار نہیں کر سکتے،،، ورنہ قتل کر دئے جائیں گے، پھر پشتو میں کہنے لگا۔۔۔ سہ وئیل خنہ دی خو دسنہ وئیلو غوندے سنہ دی۔

جہادی عمل سے متعلق عمومی ہدایات (شیخ ایمن الظواہری حفظہ اللہ 1434ھ)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اولاً: تمہید

یہ بات مجاہد بھائیوں سے پوشیدہ نہیں کہ اس مرحلے میں ہمارے کام کی دو بنیادی جہتیں ہیں،

اول: عسکری،

دوئم: دعوتی۔

- 1۔ عسکری کام: کا اولین ہدف عالمی کفر کا سردار امریکہ اور اس کا حلیف اسرائیل ہیں، جبکہ دوسرا ہدف اس کے مقامی حلیف یعنی ہمارے ملکوں کے حکمران ہیں۔

الف: امریکہ کو نشانہ بنانے کا مقصد اسے تھکا دینا اور مستقل ضربیں لگا کر رفتہ رفتہ کمزور کرنا ہے، تاکہ سوویت اتحاد کی طرح وہ بھی اپنے عسکری، افرادی اور اقتصادی نقصانات کے بوجھ تلے دب کر خود بخود گر جائے، نتیجۃً ہماری سرزمینوں پر امریکی گرفت ڈھیلی پڑ جائے اور اس کے حلیف اور حاشیہ نشین بھی ایک ایک کر کے گرنے لگیں۔

عرب انقلابات میں جو کچھ ہوا وہ امریکی نفوذ میں کمی کی واضح دلیل ہے۔ افغانستان اور عراق میں مجاہدین کے ہاتھوں امریکہ کی پٹائی اور گیارہ ستمبر کے حملوں کے بعد سے امریکہ کے داخلی امن وامان کو لاحق مستقل خطرات کا نتیجہ یہ نکلا کہ امریکہ نے مسلم عوام کو اپنے سینوں میں موجود غم وغصے کے جذبات کے اظہار کا کچھ رستہ دینے کا فیصلہ کیا، مگر عوامی غیض وغضب کا یہ آتش فشاں اس کے ایجنٹوں ہی پر پھٹ پڑا۔ ان شاءاللہ آنے والے مراحل میں امریکی اثر ورسوخ میں مزید کمی دیکھی جائے گی، اسے اپنی ہی فکر دامن گیر ہو جائے گی اور نتیجۃً اس کے حلیفوں کا تسلط بھی کمزور پڑنے لگے گا۔

ب: جہاں تک امریکہ کے مقامی ایجنٹوں کو ہدف بنانے کا معاملہ ہے تو ہر علاقے کا معاملہ دوسرے سے فرق ہے۔ اس مسئلے میں اصولی حکمتِ عملی یہی ہے کہ ان کے خلاف معرکہ نہ کھولا جائے، سوائے ان ممالک میں جہاں ان سے ٹکراؤ کے بغیر چارہ نہ ہو۔

چنانچہ افغانستان میں ان مقامی ایجنٹوں سے معرکہ امریکیوں کے خلاف جنگ کے تابع ہے۔

پاکستان میں ان سے معرکہ افغانستان کو امریکی قبضے سے آزادی دلانے کی جنگ کا تتمہ ہے، پھر اس سے پاکستان میں مجاہدین کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنا مقصود ہے، پھر اس محفوظ پناہ گاہ کو مرکز کے طور پر استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں اسلامی نظام کے قیام کی سعی مطلوب ہے۔

عراق میں ان کے خلاف جاری معرکے کا ہدف امریکہ کے صفوی (رافضی شیعہ) جانشینوں کے قبضے سے اہلِ سنت کے علاقوں کو آزاد کروانا ہے۔

الجزائر، جہاں امریکی اثر و رسوخ کافی کم بلکہ تقریباً غیر موجود ہے، وہاں مقامی حکمرانوں کے خلاف معرکے کا مقصد حکومت کو کمزور کرنا اور مغربِ اسلامی کے علاقوں، افریقہ کے عربی ساحل پر واقع ممالک اور صحراء کے جنوبی علاقوں میں جہادی نفوذ کو بڑھانا ہے۔ نیز اب ان علاقوں میں بھی امریکہ اور اس کے حلیف ممالک سے تصادم کی فضاء پیدا ہونے لگی ہے۔

جزیرۂ عرب میں ان کے خلاف معرکہ ان کے براہ راست امریکی ایجنٹ ہونے کی حیثیت سے ہے۔

صومالیہ میں ان کے خلاف معرکے کا سبب ان کا وہاں قابض صلیبیوں کا ہراول دستہ ہونا ہے۔

شام میں ان کے خلاف معرکے کا سبب یہ ہے کہ وہاں کے حکمران، جہادی تو دور کی بات، کسی قسم کے اسلامی تشخص کے حامل وجود کو بھی برداشت کرنے پر آمادہ نہیں اور اسلام کی جڑیں کھوکھلی کرنے کے حوالے سے ان کی بھیانک خونی تاریخ کسی سے مخفی نہیں۔

بیت المقدس کے گرد و پیش میں بنیادی اور اصلی معرکہ یہود کے خلاف ہے، جبکہ اوسلو معاہدے کی پیداوار، مقامی حکمرانوں کے مقابلے پر حتی الامکان صبر کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیے۔

2- دعوتی کام: کا اساسی ہدف یہ ہے کہ امت کو صلیبی حملے کے خطرے سے آگاہ کیا جائے، توحید کے اس پہلو کو اجاگر کیا جائے کہ حاکمیت صرف اللہ ہی کے لیے ہے، اسلام کی بنیاد پر اخوت و بھائی چارہ قائم کرنے کا درس دیا جائے اور اسلامی سرزمینوں کو ملا کر ایک دارالاسلام بنانے کی اہمیت واضح کی جائے۔ اللہ نے چاہا تو یہ اقدامات خلافت علی منہاج النبوۃ کے قیام کا مقدمہ ثابت ہوں گے۔

اس مرحلے میں دعوتی کام کے دوران بنیادی طور پر دو محاذوں پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے:

پہلا محاذ، گروہِ مجاہدین میں فکری آگہی کے فروغ اور ان کی دینی تربیت میں مزید بہتری لانے پر توجہ دینا، کیونکہ یہی امت کا وہ ہراول دستہ ہیں جو آج بھی اپنے کاندھوں پر صلیبیوں اور ان کے حواریوں سے مقابلے کا بوجھ اٹھائے نظر آتے ہیں اور ان شاء اللہ مستقبل میں بھی اٹھائے رکھیں گے، یہاں تک کہ خلافت اسلامیہ کا قیام عمل میں آجائے۔

دوسرا محاذ، مسلمان عوام میں فکری آگہی کے فروغ، انہیں تحریض دلانے اور اس امر پر انہیں متحرک کرنے کی کوشش کرنا ہے کہ وہ حکمرانوں کے خلاف بغاوت کا علم بلند کریں اور اسلام اور اسلام کی خاطر مصروفِ عمل لوگوں کے ساتھ آملیں۔

ثانیاً: مطلوب ہدایات

اس مقدمے کے بعد ہم سیاست شرعیہ کی روشنی میں مصالح کے حصول اور مفاسد کے سد باب کے لیے درج ذیل ہدایات آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں:

1- اپنی کوششوں کو مسلم معاشرے میں فہم وشعور کو فروغ دینے پر مرکوز کیا جائے تاکہ عوام الناس جمود توڑ کر حرکت میں آئیں، نیز گروہِ مجاہدین میں بھی فہم وشعور کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے تاکہ پختہ فکرو عقیدے کی حامل ایک ایسی متحد و منظم جہادی قوت تشکیل پاسکے جو اسلامی عقیدے پر ایمان رکھتی ہو، شرعی احکامات پر کاربند ہو اور مومنین کے لیے نرمی اور کافروں کے لیے سختی کا پیکر ہو۔ نیز اس بات کی بھی بھرپور کوشش کی جائے جہادی تحریک کی صفوں میں سے علمی اور دعوتی صلاحیتوں کے حامل ایسے افراد نکلیں جو منہج کی حفاظت کے ضامن ہوں اور عام مسلمانوں میں بھی دعوت عام کرنے کا فرض نبھائیں۔

2- عسکری کام میں عالمی کفر کے امام (امریکہ) کو کمزور کرنے پر توجہ مرکوز رکھی جائے یہاں تک کہ وہ عسکری، اقتصادی اور افرادی سطح پر نقصانات سہتے سہتے اتنا نچڑ جائے کہ اللہ کے حکم سے جلد ہی سمٹتا سکڑتا واپسی کی راہ لینے پر مجبور ہو جائے۔

تمام مجاہد بھائیوں کے لیے اس بات کو سمجھنا ازحد ضروری ہے کہ دنیا کے کسی بھی کونے میں مغربی صلیبی صہیونی اتحاد پر چوٹ لگانا ان کی اوّلین ذمہ داری ہے، اس لیے انھیں اس مقصد کی خاطر حتی المقدور کوشش صرف کرنی چاہیے۔

اسی کے ساتھ یہ ہدف بھی ترجیح میں رہنا چاہیے کہ تمام ممکنہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مسلمان اسیروں کی رہائی کے لیے بھرپور کوشش کی جائے جس میں ان کی جیلوں پر دھاوا بولنے اور مسلمان ممالک کے خلاف یورش میں شریک ممالک کے لوگوں کو اغواء کر کے ان کے بدلے قیدیوں کو چھڑوانے جیسے وسائل شامل ہیں۔

نیز یہ واضح رہے کہ عالمی کفر کے امام پر توجہ مرکوز کرنے کی حکمتِ عملی اس بات کے منافی نہیں کہ مسلم عوام خود پر ظلم کرنے والوں کے خلاف زبان، ہاتھ اور ہتھیار سے جہاد کریں! چنانچہ ہمارے شیشانی بھائیوں کا حق ہے کہ وہ غاصب روسیوں اور ان کے چیلوں کے خلاف جہاد کریں۔ ہمارے کشمیری بھائیوں کا حق ہے کہ وہ مجرم ہندوؤں کے خلاف جہاد کریں۔ مشرقی ترکستان میں بسنے والے ہمارے بھائیوں کا حق ہے کہ وہ سرکش چینیوں کے خلاف جہاد کریں اور اسی طرح فلپائن، برما اور تمام عالم میں جہاں کہیں بھی مسلمانوں پر ظلم توڑا جا رہا ہو، وہاں بسنے والے مسلمانوں کا حق ہے کہ وہ ان ظلم کرنے والوں کے خلاف جہاد کا علم بلند کریں۔

3- مسلم خطوں پر مسلط حکومتوں کے خلاف مسلح جنگ سے گریز کیا جائے، سوائے اس صورت میں جب معاملہ ضطرار کے درجے تک پہنچ جائے، مثلاً جب مقامی فوج امریکی فوج ہی کا براہِ راست حصہ بن جائے جیسا کہ افغانستان کی صورت حال ہے، یا جب مقامی فوج امریکیوں کی نیابت میں مجاہدین کے خلاف جنگ کرے جیسا کہ صومالیہ اور جزیرۂ عرب میں ہے، یا جب وہ اپنے یہاں مجاہدین کا وجود تک برداشت کرنے سے انکاری ہو جیسا کہ مغربِ اسلامی، شام اور عراق کا معاملہ ہے۔

ہم جب بھی ان کے خلاف جنگ سے بچنا ممکن ہو بچا جائے، اور اگر جنگ ناگزیر ہو جائے تو پھر امت کے سامنے اس حقیقت کو اچھی طرح واضح کیا جائے کہ ان کے خلاف جنگ دراصل صلیبی حملے کے خلاف امت کے دفاع ہی کا ایک حصہ ہے۔

نیز جب کبھی بھی مقامی حکمرانوں کے خلاف جنگ کی آگ کو ٹھنڈا کرنے کا کوئی موقع میسر ہو تو اس سے فائدہ اٹھایا جائے اور اسے ہر ممکن حد تک دعوت، بیان، تحریض، افرادی قوت کی بھرتی، اموال کے جمع کرنے اور معاونین و انصار بنانے میں صرف کیا جائے، کیونکہ ہمارا معرکہ بہت طویل ہے اور جہاد کو پرامن پناہ گاہوں کی اور افراد، اموال اور صلاحیتوں کی مستقل فراہمی کی ضرورت ہے۔

یہ حکمتِ عملی اس بات کے منفی نہیں کہ ہم صلیبی حملہ آوروں کی آلہءکار ان حکومتوں کو یہ باور کراتے رہیں کہ ہم ان کے لیے کوئی تر نوالہ نہیں! اور ان کے ہر عمل کا ردِ عمل بھی ضرور ہوگا چاہے کچھ عرصہ بعد ہی کیوں نہ ہو۔ اس اصول کی تطبیق ہر محاذ پر اس کی مخصوص صورتِ حال کی مناسبت سے کی جائے۔

5- گمراہ فرقوں مثلاً رافضیوں، اسماعیلیوں، قادیانیوں اور صوفیوں کی منحرف قسموں کے خلاف قتال سے گریز کیا جائے، الا یہ کہ وہ خود اہلِ سنت سے قتال کریں؛ اور اگر وہ قتال پر اتر آئیں تو جوابی کارروائی صرف انہی لوگوں تک محدود رکھی جائے جو قتال کریں اور ساتھ ساتھ یہ وضاحت کی جائے کہ ہماری ان کارروائیوں کا مقصد محض اپنا دفاع ہے۔ اسی طرح ان میں سے جو لوگ ہمارے خلاف قتال نہ کریں انہیں اور ان کے اہل و عیال کو ان کے گھروں، عبادت گاہوں، ان کے تہواروں اور دینی اجتماعات میں نشانہ بنانے سے اجتناب کیا جائے۔ تاہم ان فرقوں کے باطل تصورات اور عقائد و عمل میں ان کی گمراہیوں اور انحرافات کا پردہ چاک کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

جہاں تک مجاہدین کے تسلط و نفوذ والے علاقوں کا تعلق ہے تو ان میں ان فرقوں کو دعوت دینے، ان میں شعور و آگہی پیدا کرنے کی سعی کرنے اور ان کے شبہات کا ازالہ کرنے کے بعد ان سے حکمت کے ساتھ تعامل کیا جائے۔ نیز انہیں نیکی کا حکم اور برائی سے بچنے کی تلقین بھی کی جائے، بشرطیکہ ایسا کرنے سے اس سے بڑا مفسدہ پیدا ہونے کا اندیشہ نہ ہو، مثلاً مجاہدین کا ان علاقوں سے نکال دیا جانا یا ان کے خلاف عوامی ردِ عمل کی تحریک پیدا ہو جانا یا ایسا فتنہ جنم لے لینا جس سے دشمن کو ان علاقوں پر قبضہ کرنے کا بہانہ مل جائے۔

6- اسلامی ممالک میں موجود نصاری، سکھ اور ہندوؤں سے تعرض نہ کیا جائے؛اور اگر ان کی جانب سے کوئی زیادتی ہو تو زیادتی کے بقدر جواب دینے پر اکتفاء جائے، اور ساتھ یہ وضاحت بھی دی جائے کہ ہم ان کے ساتھ قتال شروع کرنے کے خواہشمند نہیں! ہم عالمی کفر کے سردار کے خلاف مشغولِ جنگ ہیں اور اسلامی حکومت کے...... ان شاء اللہ جلد...... قیام کے بعد ہم ان کے ساتھ سلامتی اور نرمی کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔

7- عمومی طور پر ایسے تمام لوگوں کے خلاف قتال کرنے اور انہیں زک پہنچانے سے اجتناب کیا جائے جو ہمارے خلاف ہتھیار نہ اٹھائیں اور نہ اس میں معاونت کریں، اور تمام تر توجہ بالاصل صلیبی اتحاد پر اور اسی کے ذیل میں اس کے مقامی آلہ ءکاروں پر مرکوز رکھی جائے۔

8- غیر محارب عورتوں اور بچوں کو مارنے یا ان سے جنگ کرنے سے گریز کیا جائے، بلکہ اگر وہ ہمارے خلاف قتال کرنے والوں کے اہل وعیال ہوں تب بھی ان کے خلاف ہاتھ اٹھانے سے حتی الامکان اجتناب کیا جائے۔

9- مسلمانوں کو دھماکوں، قتل واغواء کی کارروائیوں یا اموال واملاک کو نقصان پہنچانے کے ذریعے ایذاء پہنچانے سے کلی اجتناب کیا جائے۔

10- دشمنوں کو مساجد، اجتماعات اور بازاروں جیسی جگہوں پر ہدف بنانے سے گریز کیا جائے جہاں یہ دشمن مسلمانوں کے ساتھ یا ایسے لوگوں کے ساتھ خلط ملط ہوں جو ہمارے خلاف قتال میں شریک نہ ہوں۔

1- علمائے کرام کے احترام اور دفاع کو یقینی بنایا جائے کیونکہ علماء نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین اور امت کے قائدین ہیں......اور خصوصا ایسے حق گو علماء کرام جو حق کی خاطر قربانیاں بھی دے رہے ہوں ان کا احترام اور دفاع تو اور بھی زیادہ ضروری ہے۔ نیز علمائے سوء کا مقابلہ محض ان کی جانب سے پھیلائے گئے شبہات کا ازالہ کرنے اور مضبوط دلائل کے ساتھ ان کے آلہ ءکار ہونے کو واضح کرنے کے ذریعے کیا جائے اور ان کا قتل یا ان کے خلاف قتال نہ کیا جائے، سوائے اس صورت میں جب وہ مسلم عوام یا مجاہدین کے خلاف کسی قتالی عمل کے مرتکب ہوں۔.........."

خراسان سے ایک مجاہدہ کا اپنی حلب میں موجود شامی مجاہدہ بہن کے نام خط

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

اللہ رب العزت میری شامی بہن تم پر اور سارے شام والوں پر آزمائش کی اِس گھڑی میں بہت بہت سلامتی نازل فرمائے۔ سوچتی ہوں کہ اب آگے اور کیا کہوں، کیا لکھوں کہ جس سے تمہارا بہتا خون رُک جائے، تمہاری لٹی ہوئی عزت واپس آجائے، تمہارا فضا میں بکھرا وجود سمٹ آئے، تمہارے آنسو تھم جائیں، تمہارا غم خوشی میں بدل جائے۔ میرے لفظوں میں ایسی تاثیر کہاں جو تمہارے لفظوں میں ہے، میری دعا میں وہ پرواز نہیں جو تمہاری دعا میں ہے، میری آہ میں وہ درد کہاں جو میری بہن تمہاری پکار میں ہے۔ کیونکہ میں نے تمہاری طرح آگ اور خون کا سمندر پار نہیں کیا، میں نے ظالم رافضیوں اور روسیوں کے محاصرے میں شب وروز نہیں گزارے، میں نے اپنے جگر گوشوں کو بھوک سے بلکتے اور زخموں سے تڑپتے نہیں دیکھا۔

فجر کی نماز کے وقت میں نے یہ تصویر دیکھی۔ یا اللہ! جب میں سکون کی نیند سو رہی تھی اُس وقت میری بہنوں پر کیا قیامت گزری۔ ایک شامی بہن نے صحیح کہا کہ " تم لوگ قیامت کا انتظار کرو ہم پر تو حلب میں قیامت آگزری"

میری شامی بہنو! میں خراسان میں تمہارے غم سے ناآشنا نہیں ہوں۔ رحمتہ للعالمین ﷺ نے فرمایا کہ ہم مسلمان، جسدِ واحد کی طرح ہیں اگر ایک حصے میں درد ہوتا ہے تو پورا جسم درد سے تڑپ اُٹھتا ہے۔ بمباری تم پر ہوئی لیکن واللہِ ہم نے آگ کی تپش کو یہاں محسوس کیا۔ دھواں تمہارے قرب وجوار میں اُٹھا لیکن یہاں ہم بھی سانس نہ لے سکے، لہو تمہارا بہا اور عزتیں تمہاری لُٹیں لیکن ہمارا کلیجہ بھی غم کے مارے پھٹ گیا، ہم پر زندگی بھاری ہو گئی۔ یہاں خراسان میں تمہاری بہنیں تو تمہارے حال پر آنسو بہاتی رہیں لیکن تمہارے طالبان بھائی بھی اِس غم میں تڑپ رہے ہیں۔ میری بہنوں تم نے بھائیوں کو مدد کیلیے پکارا۔ مایوس مت ہو تمہارے بھائی غافل نہیں ہیں۔

میری محترم شامی بہنو! تم پاک ہو، تم عظیم ہو، تمہارا دامن پاکیزہ ہے کسی رافضی، کسی روسی، کسی امریکی کا بڑھتا ہوا ہاتھ تمہیں ناپاک نہیں کر سکتا۔ تم بیٹیاں ہو طاہرہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی، مریم ؑ کی۔ تم ہو سنتِ خولہ رضی کو زندہ کرنے والی۔ تم پر سلامتی ہو میری بہنو کہ تم نے وہ قربانی کی تاریخ رقم کی ہے کہ عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی۔ برسوں پہلے میری افغانی بہنوں نے عزت دار موت کو گلے لگایا، جب روسیوں کی یلغار انکی عزتوں کی طرف بڑھی تو اِن عظیم بہنوں نے اپنی عزتوں کو بچانے کیلیے پہاڑوں کی چوٹیوں سے زور و شور سے بہتے ہوئے دریائے کابل میں چھلانگیں مار دیں اور موت کو خوشی سے گلے لگایا۔ آج تم نے وہ عظیم قربانی کی یاد تازہ کر دی ہے۔ میں سوچتی ہوں کہ تم

کس حال میں ہو گی جب تم نے اُن رافضیوں کی منحوس آوازیں اپنے قریب آتے سنیں، ان کے قدموں کی چاپیں تمہارے دل کو روندتی ہو نگیں۔ تمہارا شوہر تو کب کا شہید ہو چکا، تمہارا بھائی شاید رافضیوں نے گرفتار کر لیا ہو گا، تمہارے باپ کے لڑکھڑاتے قدم کیسے اللہ کے دشمنوں کو روکتے۔ پھر تم نے اُس پستول کو تھام لیا جو تم نے دشمنوں سے حفاظت کیلیے رکھی تھی۔ تم نے سوچا کہ آخر میں اتنے کُتوں کا مقابلہ کیسے کروں گی۔ تم روئی، چلائی ہو گی، اپنے مسلمان بھائیوں کو مدد کیلیے پکارا ہو گا۔ یا معتصم! یا معتصم!۔ لیکن تمہیں حقیقت نے جلد آگھیرا کہ اسلام یہاں ناپاک رافضیوں اور روسیوں اور امریکیوں کے محاصرے میں ہے آج اسلام نہتا ہے، آج تم تنہا اِس لشکرِ کفر کے مقابلے میں ہو۔ مجھے معلوم ہے کہ ملعون ابلیس نے اُن آخری لمحوں میں بھی تمہیں نہ چھوڑا ہو گا۔ یہ خیال دل سے گزرا ہو گا کہ کافروں سے زندگی کی بھیک مانگوں گی، اُن سے کہوں گی کہ میں مجاہدین کے ساتھ نہیں ہوں کہ شاید وہ مجھے معاف کر دیں۔ لیکن تمہاری دینی غیرت نے یہ خیالات جھٹک دیئے۔ تمہاری توحید، تمہارا عقیدہ ، تمہارا ایمان اور عمل تمہارے کام آیا۔ تم نے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کیلیے ہجرت کی، جہاد کیا اور پھر تم نے صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لیے موت کو بخوشی گلے لگالیا۔ میری شامی محترم شہید بہن! یہ خودکشی نہیں ہے۔ خودکشی تو بزدلی ہے، اللہ سے مایوسی ہے۔ تم تو ہزاروں مجاہدین سے زیادہ بہادر نکلیں، تم اللہ سے مایوس نہیں بلکہ اللہ کی رحمت سے پُر امید اِس دنیا سے کوچ کر گئی۔ تم اُمتِ مسلمہ کا فخر ہو۔ اللہ سے دعا ہے کہ تمہارا اور تمام مسلمانانِ حلب کا خاتمہ انبیاء، صالحین، صدیقین، شہدا جیسا ہو۔

والسلام۔ تمہاری مجاہدہ بہن اُمِ خراسان

!دیکھنا! حق کو تھامے رہنا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔۔۔۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

سنو! اسلام کی چکی گوم رہی ہے، تو جس طرف قرآن کا رخ ہو تم بھی ادھر گھوم جاؤ۔۔۔

سنو! قرآن اور اقتدار عنقریب جدا ہو جائیں گے۔

!خبردار! تم قرآن کا ساتھ نہ چھوڑنا

آئندہ ایسے حکمران ہونگے جو تمھارے بارے میں فیصلے کریں گے۔

اگر تم ان کی اطاعت کروگے تو وہ تمھیں گمراہ کر ڈالیں گے۔

اور اگر تم ان کی نافرمانی کروگے تو وہ تمھیں موت کی گھاٹ اتار دیں گے۔،،

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تب ہم اللہ کے رسول ﷺ! کیا کریں؟

فرمایا؛ وہی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے کیا،،، وہ لوگ آروں سے چیرے گئے، سولیوں پر لٹکائے گئے (لیکن حق کو نہ چھوڑا)۔،،

(طبرانی)

اسلام اور جاہلیت کا فطری تضاد (ابو جندل الباجوری)

الحمد لله وکفی والصلاۃ والسلام علی من لانبی بعدہ ۔ امابعد! فاعوذباللہ من الشیطٰن الرجیم ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔
قال اللہ تعالی:وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ (المائدہ 44)أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ (المائدہ 50)

ہر شے اپنی ضد کی دشمن ہوتی ہے۔اس کا موجود ہونا اس بات کو لازم ہے کہ اس کی ضد معدوم ہو۔روشنی وہاں نہیں پائی جاسکتی جہاں تاریکی مسلط ہو اس کے پائے جانے کے لیے ضروری ہے کہ اس جگہ سے تاریکی کافور ہو جائے ،یہ عقل اور منطق کے بدیہیات میں سے ہے۔

اسلام بھی ایک مثبت حقیقت ہے اور وہ بھی ایک ضد رکھتا ہے،جس کو اس کی زبان میں جاہلیت ،طاغوت اور باطل وغیرہ ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔اصولی طور پر اسلام وہیں ہو گا جہاں غیر اسلام نہیں ہو گا، جہاں کفر نہیں ہو گا،جہاں شرک نہیں ہو گا،جہاں الحاد نہیں ہو گا،جہاں طاغوت کی پوجا نہیں ہو گی، جہاں جاہلیت کی کارفرمائی نہیں ہو گی۔دونوں کا ایک ساتھ پایا جانا بداہۃً اغلط ورنا ممکن ہے تضاد ان کی عین فطرت میں ہے اور تصادم اس فطرت کا عین مقتضاء ہے جس شخص کی بھی نظر اسلام کے اصل ماخذ کتاب وسنت پر ہو گی وہ یہ ماننے پر مجبور ہو گا کہ اسلام صرف عقائد وعبادات کا نام نہیں بلکہ اس کی وسعتوں میں پوری حیات پنہاں بلکہ ساری کائنات سمائی ہوئی ہے۔وہ ایک جامع دستور اور مکمل ضابطہ حیات ہے جو انسانی زندگی کی جملہ اطراف کو،اس کے عقائد ونظریات کو،اس کے رسوم وعبادات کو،اس کے تمدن اور معاشرتی معاملات کو،غرض سارے ہی انفرادی واجتماعی مسائل کو محیط ہے۔اس کے پاس ایک نظام تمدن اور ایک نظام حکومت ہے۔وہ دنیا میں آیا ہی اس لیے ہے کہ حیات انسان کا پورہ نقشہ اسی کے اصول اور خاکے پر مرتب ہو اور نہ صرف اس کے ہی بتائے ہوئے طریقے پر اللہ کی عبادت کریں بلکہ اس کے دیے ہوئے دستور کے مطابق اپنی پوری پوری زندگی بسر کریں۔گھریلوں معاملات اس نہج پر انجام پائیں جو اس نے بتاہے،لین دین ان حدود کے اندر ہو جو اس نے قائم کی ہیں۔بستیوں اور مملکتوں کا نظام وسیاست وہ ہو جو اس کے آئین میں موجود ہے،حکومت اس طرح کی جائے جس طرح اس کی ہدایات کا تقاضا ہے۔معاملات کے فیصلے ان قوانین کے مطابق کیے جائیں جو اس کتاب میں درج ہیں۔وہاں کٹ جاؤ جہاں وہ کٹ جانے کا حکم دیتا ہو۔الغرض اسلام ہماری پوری زندگی پر حاوی ہے،تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اسلام اور جاہلیت کا فطری تضاد ہر چار طرف کارفرما ہو گا،کوئی سمت ایسی نہ ہو گی جہاں ان میں تصادم اور مسلسل کشمکش نہ ہو۔

نظام جاہلیت کے محکوم مسلمان:

ان چند اصولی مقدمات کے بعد اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اگر شامت اعمال سے کوئی مسلم گروہ کسی جاہلی نظام کا محکوم بن جائے تو اسے کیا کرنا چاہیے، وہ اس نظام کو کس نگاہ سے دیکھے، اس کے ساتھ کیا رویہ اختیار کرے، تعاون یا عدم تعاون کا، مناسب ہوگا کہ اس مہتم بالشان مسئلے پر غور کرنے سے پہلے ہم نظام جاہلیت یا نظام غیر اسلامی کا مفہوم ذہن میں تازہ کرلیں اور جس وقت ہم کوئی رائے قائم کرنے جارہے ہوں اس وقت یہ حقیقت ہماری نگاہوں کے سامنے اپنی پوری اہمیت کے ساتھ موجود ہو کہ کسی غیر اسلامی نظام میں حکومت وسیاست کی بنیاد وہ نہیں ہوگی جو اسلام نے مقرر کی ہے، حق حاکمیت اللہ تعالی کا تسلیم نہیں ہوگا، منبعِ قانون قرآن وسنت نہیں ہوگی، دیوانی اور فوجداری مقدمات کے قوانین اسلام کے نہیں ہوں گے، آیئنی اور غیر آیئنی امور یعنی حلال وحرام مقرر کرنے کے اصول شریعت محمدی سے بے نیاز ہوں گے، مختلف مسائل زندگی میں ارباب اقتدار کا فیصلہ ہی فیصلہ ہوگا، اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو اس میں مشورہ دینے تک کا بھی کوئی اختیار نہیں ہوگا، حتی کہ خود مسلمانوں کے نجی اور اندرونی معاملات میں بھی انہیں اسلام پر عمل کرنے کی جو آزادی ہوگی وہ حقیقۃً اس بنیاد پر نہیں ہوگی کہ یہ ان کے حقوق ہیں بلکہ اس لیے ہوگی کہ اس نظام جاہلیت نے اپنے مغلوب حریف، اسلام کو ازراہِ شفقت اس حد تک سانس لینے کی اجازت دے رکھی ہے۔ جس نظام جاہلیت کا ہیولیٰ یہ ہو اس کی صورت کو خواہ کتنا ہی دلکش بنا کر کیوں نہ پیش کیا جائے، ایک مرد مؤمن، مؤمن ہوتے ہوئے اس پر ریجھ جانے کے لیے آخر اپنے آپ کو کتنا فریب دے؟

جس نظام کے اندر دستوریہ، انتظامیہ، اور عدلیہ سارے ہی کلیدی ادارے خدا فراموش انسانوں کے خود ساختہ اصولوں پر قائم ہوں۔ یہ ممکن نہیں کہ ایک مؤمن کسی بھی جاہل نظام سے سکون قلب کے ساتھ تعاون کر سکے، ایک سانس میں وہ اسلام کا نمائندہ اور علمبردار بھی ہو اور اس کے حریف کا خیمہ بردار بھی۔ یہ ایک ناقابل تصور بات ہے۔ یا کم از کم یہ کہ ایک نادیدنی صورتحال ہے۔ ہمیں بتایا گیا ہے کہ منکر سے رکنا ہی نہیں بلکہ روکنا بھی ایمان کا لازمہ ہے۔ قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ (التوبہ 29) اس طرح منکر کی تعریف ہمارے علماء نے یہ کی ہے کہ ہر وہ چیز جس کو شرع رد کردے تو کیا شرع ان سیاسی، معاشرتی، انتظامی، اور عدالتی اصول وضوابط کو رد نہیں کرتی جو کسی بھی نظام جاہلیت میں موجود ہوتے ہیں؟ اگر کسی کا ذہن صرف قتل، زنا، چوری اور جھوٹ جیسے امور ہی کو منکر محسوس کرتا ہے تو اس کی بات ہی اور ہے مگر جو شخص منکر سے مراد وہ لیتا ہے جو واقعۃً ہے تو ان باتوں کو منکر ہی نہیں منکر مبین سمجھنے پر مجبور ہوگا اور وہ کسی سودی معاملے

میں گواہ بنے سے سو بار اللہ کی پناہ مانگے گا تو یقین فرمایئے کہ ایسے منکرات کے اجرا و استحکام میں ساز گاری کرنے سے ہزار بار پناہ چاہیے۔

تعاون کے مختلف مراتب:

جہاں تک اصول تقسیم کا تعلق ہے ہم اختیاری تعلق یعنی فعل تعاون کی دو موٹی قسمیں بنا سکتے ہیں، ایک حکم تشریعی میں تعاون دوسرا اس انسانی دستور کے نفاذ میں تعاون، جاہلیت سے یہ تعاون اساسی وبنیادی نوعیت کا ہے کیوں کہ یہ اس نظام کے قیام وبقا میں براہ راست شرکت ہے جسے آپ اس نظام کی پیشوائی اور علم برداری بھی کہہ سکتے ہیں، اس قسم میں نظام حکومت کے دو بنیادی ادارے شامل ہیں: دستور ساز ادارے اور عدلیہ دوسرا انتظامیہ جو اس دستور اور عدالتی فیصلوں کا قیام یقینی بناتی ہے۔ یہ بات بھی واضح رہے کہ ان اداروں سے تعلق، تعاون علیٰ الکفر والاثم کی حدود میں شامل تو ہے لیکن اس سب کا حکم یکساں نہیں ہوتا، یہ ناپاک داغ تو موجود سب ہی پیشانیوں پر ہے مگر ان کے مدارج میں فرق بھی ایک مسلم بات ہے، ہر داغ کی ناپاکی یکساں گھناؤنی قرار نہیں دی جا سکتی۔ باقی تفصیل کے لیے اہل علم کی طرف رجوع کیا جائے خاص کر تکفیر معین کے معاملے میں جو کہ کام ہی اہل علم کا ہے۔

دستور ساز ادارے اور عدلیہ میں شرکت:

